قرآن و حدیث سے منتخب 300 سے زیادہ

پُر اثر، پُر نور

دُعائیں

از: خلیل العلماء، خلیل ملت، مفتی اعظم پاکستان، قمر الشریعہ، حضرت علامہ

مفتی محمد خلیل خان قادری برکاتی مارہروی قدس سرہ العزیز

بانی و شیخ الحدیث دار العلوم احسن البرکات، حیدر آباد

مرتب:

عالمی مبلغ اسلام، مجاہد العلماء، فخر رضویت، مفتی اعظم اہلسنت،

ابو حماد مفتی احمد میاں برکاتی مدظلہ

مہتمم و شیخ الحدیث دار العلوم احسن البرکات، حیدر آباد

زاویہ پبلشرز

دربار مارکیٹ، لاہور

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ ناظرہ: 240 شعبہ حفظ: 145

شعبہ تجوید: 10 شعبہ درس نظامی: 105

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ و ناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی و تجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 00500025657003 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

بسم الله الرحمن الرحيم

www.waseemziyai.com

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

نام کتاب: پُر اثر پُر نور دُعائیں

از: مفتی محمد خلیل خاں برکاتی مارہروی

مرتب: ابوحماد مفتی احمد میاں برکاتی

پروف ریڈنگ: مفتی حماد رضا نوری برکاتی

تزئین و آرائش: صاحبزادہ قاری محمد جواد رضا برکاتی الشامی

کمپوزنگ: ایمان گرافکس

اشاعت اوّل تا اکیس: ۱۹۴۵ء تا ۲۰۰۵ء

اشاعت بائیس: ۲۰۱۳ء/ ۱۴۳۴ھ

زیر اہتمام: نجابت علی تارڑ

ناشر: زاویہ پبلشرز، لاہور

تعداد: 1100

بہ تعاون: مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ، شعبہ تبلیغ و اشاعت، دارالعلوم احسن البرکات
شاہراہ مفتی محمد خلیل خاں برکاتی، حیدرآباد

+92-22-2780547,+92-312780547

www.waseemziyai.com

قرآن وحدیث سے منتخب 300 سے زیادہ

پُر اثر، پُر نور

دُعائیں

از: خلیل العلماء، خلیلِ ملت، مفتیٔ اعظم پاکستان، قمر الشریعہ، حضرت علامہ

مفتی محمد خلیل خان قادری برکاتی مارہروی قدس سرہ العزیز

بانی و شیخ الحدیث دار العلوم احسن البرکات، حیدرآباد

مرتب:

عالمی مبلغ اسلام، مجاہد العلماء، فخر رضویت، مفتیٔ اعظم اہلسنت

ابو حماد مفتی احمد میاں برکاتی مدظلہ

مہتمم و شیخ الحدیث دار العلوم احسن البرکات، حیدرآباد

زاویہ پبلشرز

C-8 داتا دربار مارکیٹ۔ لاہور

voice: 042-37300642 - 042-37112954

Email:zaviapublishers@gmail.com

Website: www.zaviapublishers.com

بہ تعاون: مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ ○ شاہراہ مفتی محمد خلیل خاں ○ حیدرآباد

www.waseemziyai.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

2018ء

باراول.........1000

ہدیہ.........180

ناشر.........نجابت علی تارڑ

{لیگل ایڈوائزرز}

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

{ملنے کے پتے}

زاویہ پبلشرز

شوروم

ظہور ہوٹل دکان نمبر 2

دربار مارکیٹ۔ لاہور

voice: 042-37300642 - 042-37112954

Email:zaviapublishers@gmail.com

Website: www.zaviapublishers.com

ضیاء القرآن پبلی کیشنز 14 انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی	021-32212011
صبح نور پبلی کیشنز غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور	0321-4771504
مکتبہ غوثیہ ہول سیل، پرانی سبزی منڈی، کراچی	021-34926110
مکتبہ برکات المدینہ، کراچی	021-34219324
مکتبہ دار القرآن، النساء روڈ، چشتیاں	0300-7548819
احمد بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی	051-5558320
اسلامک بک کارپوریشن، کمیٹی چوک، راولپنڈی	051-5536111
نورانی ورانٹی ہاؤس، بلاک نمبر 4، ڈیرہ غازی خان	0321-7387299
مکتبہ بابا فرید چوک چٹی قبر پاکپتن شریف	0301-7241723
مکتبہ غوثیہ عطاریہ اوکاڑہ	0321-7083119
مکتبہ اسلامیہ فیصل آباد	041-2631204
مکتبہ رحیمیہ اردو بازار کراچی	021-32744994
مکتبہ حسان اینڈ پرفیومرز پرانی سبزی منڈی کراچی	0331-2476512
رضا بک شاپ، میلاد فوارہ چوک، گجرات	0300-6203667
مکتبہ فیضان زم زم آفندی ٹاؤن فیضان مدینہ حیدر آباد	0313-4812626
مکتبہ یا سخی سلطان چھوٹی گھٹی حیدر آباد	0313-3585615

www.waseemziyai.com

فہرست

❁	حرفِ اوّل	7
❁	تمہید	8
❁	۲-مختصر فضائل دعا از آیاتِ قرآنیہ	10
❁	۳-فضائل دعا از احادیث مبارکہ	12
❁	۴-آدابِ دعا	14
❁	خیر و برکات دارین کے لیے مفید اور کارآمد دعائیں ۵-**فصل اول**-ادعیۂ قرآنیہ	18
❁	۶-**فصل دوم**-ادعیۂ ماثورہ	32
❁	۷-**فصل سوم**-طہارت سے متعلق کارآمد دعائیں در ادعیہ ماثورہ منقولہ از کتب فقہیہ و دیگر کتب دینیہ	43
❁	۸-اذان و نماز سے متعلق دعائیں	48
❁	۹-نماز کے بعد کے اذکار اور دعائیں	52
❁	۱۰-تلاوت قرآن سے متعلق دعائیں	60

www.waseemziyai.com

✿	۱۱- ایمان پر ثبات اور کفر سے تبرّی کی دعائیں	62
✿	۱۲- زمین و آسمان کے وقائع سے متعلق دعائیں	64
✿	۱۳- مکان سے نکلنے یا سفر کرنے سے متعلق دعائیں	68
✿	۱۴- عقیقہ و قربانی سے متعلق دعائیں	74
✿	۱۵- کھانے اور پینے سے متعلق دعائیں	77
✿	۱۶- زینت اور لباس سے متعلق دعائیں	80
✿	۱۷- رات کو پڑھنے کی بعض دعائیں	83
✿	۱۸- عیادت، تعزیت اور میت سے متعلق دعائیں	87
✿	۱۹- متفرق دعائیں	94
✿	۲۰- برکات خاندان برکات	104

✿✿✿✿

www.waseemziyai.com

حرفِ اوّل

از: جانشین خلیل العلماء، محامد العلماء مفتی احمد میاں برکاتی مدظلہ

خلیل ملت علامہ مفتی محمد خلیل خاں قادری برکاتی نوری علیہ الرحمۃ والرضوان الجاری کی ترتیب فرمودہ یہ کتاب، حضرت کی اولین تصانیف میں شامل ہے اس کو شائع کرنے کا شرف اول، جماعت اہل سنت، مارہرہ مطہرہ کو ملا۔ جب حضرت کے مشائخ کرام ظاہری طور پر جلوہ گر تھے۔ پھر پاکستان میں مکتبہ قاسمیہ برکاتیہ، احسن البرکات حیدرآباد کے تحت کئی بار یہ کتاب شائع ہوئی۔ اس مرتبہ اشاعت کا سہرا، جناب نجابت علی صاحب تارڑ کے حصے میں آیا اور فقیر نے مزید تذہیب سے کام لیا اور بعض تراجم جو پہلے رہ گئے تھے، شامل کر دیئے، اس تذھیب وتحریک میں عزیزم برخوردار قاری حافظ محمد جواد رضا برکاتی الشامی کے مشورے ضرور شامل رہے جبکہ ولد الاعز مفتی حماد رضا نوری برکاتی سلمہا کی تحریض وتشویق بھی اپنا رنگ جماتی رہی۔ رب کریم جل جلالہ قبول فرمائے۔ بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

حررہٗ العبد القادری احمد میاں برکاتی غفرہ الحمید

(خادم الحدیث)

۸ ربیع الآخر ۱۴۳۴ھ

۱۹ فروری ۲۰۱۳ء

www.waseemziyai.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّیۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ۔
یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً لِلّٰہ۔

تمہید

حضور اقدس سید الانس والجان علیہ الصلوٰۃ والسلام الاتمان کے فرمان واجب الاذعان:

اَلدِّیۡنُ النُّصۡحُ لِکُلِّ مُسۡلِمٍ وَ مُسۡلِمَۃٍ۔

ترجمہ: ''دین ہر مسلمان مرد اور عورت کی خیر خواہی کا نام ہے۔''

کے بموجب اس فقیر ناسزا کا ترتیب رسالہ سے مقصود محض نفع رسانی عامۃ المسلمین و خیر خواہی جملہ مومنین ہے کہ وہ قرآن مجید و حدیثِ حمید کی تعلیم فرمودہ دعاؤں کی طرف مائل ہوں خود حفظ کریں۔ اپنے چھوٹے بچوں کو محفوظ (یاد) کرائیں کہ ان پر ہمیشگی و مداومت ان شاء اللہ ثم شاء حبیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیر و برکت دارین کی جانب اور دنیا و عقبیٰ میں کامیابی و سرخروئی کی موجب ہے۔ اور ہر چندکہ دعا تدبیر:

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَ نِعۡمَ الۡوَکِیۡل نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَ نِعۡمَ النَّصِیۡر۔

کے منافی نہیں (بلکہ جب اللہ تعالیٰ نے آدمی کو ایک نوع اختیار دے کر اسے دولتِ علم

www.waseemziyai.com

سے بھی سرفراز فرمایا ہے اور ہر قسم کا سامان اور اسباب مہیا فرما کر ہر شے کا وجود ان سے مربوط فرما دیا ہے تو عالم اسباب میں رہ کر ترکِ اسباب گویا حکمتِ الٰہیہ کا ابطال ہے۔

کباسط کفیه الی المآء لیبلغ فاه وما هو ببالغه۔

ترجمہ: "جیسے کوئی ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلائے ہو کہ وہ اس کے منہ میں پہنچ جائے اور وہ پہنچنے والا نہیں۔"

مگر اس وقت کہ بعض نیچر پرست آزاد منش وساوس شیطانیہ کا شکار ہو کر دعا کے مطلقاً منکر پائے گئے۔ نیز دعا میں اس کے آداب کی رعایت، توقع قبولیت کی قوت دیتی اور اسے درجۂ اجابت تک پہنچاتی ہے۔ مختصراً فضائل و آداب کا شمار مناسب ہے کہ بحمدہٖ تعالیٰ منکرین کے تلبیسات کا دافع اور مومنین کو نافع ہے۔ و باللہ التوفیق۔

❀❀❀❀

www.waseemziyai.com

۲۔مختصر فضائلِ دعا از آیاتِ قرآنیہ

۱۔ قال اللہ تعالیٰ: اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط

ترجمہ: ''مجھ سے دعا مانگو میں قبول فرماؤں گا۔''

۲۔ وقال: وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ط

ترجمہ: ''اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرو۔''

۳۔ وقال: وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾

ترجمہ: ''دعا بہت مانگو (اور مجھے مصیبت کے وقت یاد کرو) کہ بلا سے نجات پاؤ گے۔''

یہاں حکم فرمایا جاتا ہے کہ ہم سے مانگو ہم دیں گے۔ پھر قبولیت دعا کی توقع دلائی جاتی ہے۔

۴۔ وقال: اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ لا

ترجمہ: ''میں دعا کرنے والے کی دعا قبول فرماتا ہوں جب وہ مجھے پکارے۔''

اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہمارا بندہ ہمارے حضور التجا لائے اور اپنی بیچارگی و عاجزی ظاہر کرے اور عاجزانہ، بیکسانہ گڑگڑاتے منہ اور تھرتھراتے ہاتھ ہماری بارگاہ میں لائے۔ وہ خود فرماتا ہے:

۵۔ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''تو کیوں نہ ہوا کہ جب اُن پر ہماری طرف سے سختی آئی تھی تو وہ
گڑگڑاتے لیکن سخت ہو گئے ہیں دل ان کے۔''

اس آیت سے ترکِ دعا پر سخت ڈرایا جارہا ہے۔ بلکہ یہ مضمون صراحۃً ایک اور آیت کریمہ سے مستفاد ہوتا ہے۔

٦۔ قال اللہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ
سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿٦٠﴾

ترجمہ: ''جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں عنقریب جہنم میں
جائیں گے ذلیل ہو کر۔''

علمائے کرام فرماتے ہیں یہاں عبادت سے مراد دعا ہے یہیں سے یہ بھی ثابت ہے کہ معاذ اللہ اپنے آپ کو بارگاہِ رب العزت سے بے نیاز جاننا اور اس کے حضور تضرع وزاری سے پرہیز رکھنا کفر صریح اور ہمیشہ کے غضب کا موجب ہے۔

اسی لیے مطلق دعا کے ترک پر حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو اللہ تعالیٰ سے دعا نہ کرے اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرمائے۔ ١٢ (ترمذی، ابن ماجہ شریف)

اعاذنا اللہ تعالیٰ من غضبہٖ و من غضب رسولہٖ۔

www.waseemziyai.com

۳-فضائل دعا از احادیث مبارکہ

حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وحزبہٖ وبارک وسلم فرماتے ہیں:

۱- دعا سے عاجز نہ ہو کہ کوئی شخص دعا سے ہلاک نہ ہوگا۔ (ابن حبان وحاکم)

۲- اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی چیز دعا سے بزرگ تر نہیں۔ (ترمذی، ابن ماجہ وغیرہ)

۳- دعا مسلمان کا ہتھیار، دین کا ستون اور آسمان وزمین کا نور ہے۔ (حاکم)
سبحان اللہ! کہ دعا دینداروں کے لیے پشت پناہ اور ان کے ایمان کی محافظ ہے۔

۴- بلا اترتی ہے پھر دعا اس سے جا ملتی ہے تو دونوں کشتی لڑتے رہتے ہیں قیامت تک یعنی دعا اس بلا کو نہیں اترنے دیتی اور دعا کرنے والے کے لیے سپر بن جاتی ہے۔ (حاکم وطبرانی)

۵- کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جو تمہیں تمہارے دشمن سے نجات دے اور تمہارے رزق وسیع کر دے۔ رات دن اللہ سے دعا مانگتے رہو کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے۔ (ابو یعلیٰ)

۶- دعا عبادت کا مغز ہے۔ (ترمذی)

۷- اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے گمان کے پاس ہوں۔ یعنی جیسا وہ مجھ سے گمان رکھتا ہے میں اس سے ویسا ہی کرتا ہوں۔ وَ اَنَا مَعَهٗ اِذَا دَعَانِیْ اور میں اس کے ساتھ ہوں جب مجھ سے دعا کرے۔

(بخاری ومسلم)

www.waseemziyai.com

اللہ تعالیٰ کا علم و قدرت سے ساتھ ہونا تو ہر شے کے لیے ہے یہ خاص معیت کرم و رحمت ہے جو دعا کرنے والے کو ملتی ہے۔ اس سے زیادہ کیا دولت و نعمت ہوگی کہ بندہ اپنے مولیٰ کی معیت سے مشرف ہو۔ ہزار حاجت روائیاں اس پر نثار اور لاکھ مقصد و مراد اس کے تصدق۔

الغرض حل مشکلات اور دفع بلا و آفات میں دعا سے زیادہ موثر کوئی چیز نہیں۔

ایک دعا سے آدمی کو پانچ فائدے ہوتے ہیں:

۱- عابدوں کے گروہ میں داخل ہوتا ہے۔

۲- جو شخص دعا کرتا ہے وہ اپنے عجز و احتیاج کا اقرار اور پروردگار کے کرم و قدرت کا اعتراف کرتا ہے۔

۳- شارع علیہ السلام کے حکم کی بجا آوری۔

۴- اتباع سنت۔

۵- دفع بلا و حصول مدعا۔

حدیث شریف میں وارد ہے کہ دعا بندے کی تین باتوں سے خالی نہیں ہوتی۔ یا اس کا گناہ بخشا جاتا ہے یا دنیا میں اس سے فائدہ حاصل ہوتا ہے یا اس کے لیے آخرت میں بھلائی جمع کی جاتی ہے کہ جب بندہ اپنی ان دعاؤں کا ثواب دیکھے گا جو دنیا میں مستجاب نہ ہوئی تھیں تمنا کرے گا کہ کاش دنیا میں میری کوئی دعا قبول نہ ہوتی۔ اور یہ سب یہیں کے واسطے جمع رہتیں مگر ایسے شخص کو کہ اپنی دعا کا قبول ہونا اور بصورت عدمِ حصولِ مدعا ثوابِ آخرت اس کے عوض ملنا چاہتا ہے۔ مناسب ہے کہ دعا میں اس کے آداب کی رعایت کرے۔ واللہ الموفق۔

www.waseemziyai.com

۴- آدابِ دعا

دعا کرنے والے کو چاہیے کہ وہ:

۱- دل کو حتی الامکان خیالاتِ غیر سے پاک کرے۔ حیف ہے کہ زبان سے اس کی قدرت و کرم کا اعتراف کیجئے اور دل اوروں کی عظمت و بڑائی سے بھرا ہو۔

۲- بدن، لباس اور مکان پاک صاف رکھے اور کھانے پینے لباس و کسب میں حرام سے احتیاط کرے کہ حرام خور اور حرام کار کی دعا اکثر رد ہو جاتی ہے۔

۳- وقت کراہت نہ ہو تو دو رکعت نماز خلوصِ قلب سے پڑھے۔

۴- دعا سے پہلے گزشتہ گناہوں سے توبہ کرے کہ نافرمانی پر قائم رہ کر عطا مانگنا بے حیائی ہے۔

۵- دعا کے وقت باوضو، قبلہ رو، مؤدب، دوزانو بیٹھے یا گھٹنوں کے بل کھڑا ہو اور اعضاء میں خشوع رکھے۔

۶- نگاہ نیچی رکھے ورنہ معاذ اللہ زوالِ بصر کا خوف ہے۔

۷- دعا کے اول و آخر حمدِ الٰہی کرے اور نبی ﷺ اور ان کے آل و اصحاب پر درود بھیجے کہ اللہ تعالیٰ تھوڑی حمد پر بہت راضی ہوتا ہے اور بے شمار عطا فرماتا ہے اور درود شریف اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہے اور پروردگارِ عالم اس سے برتر کہ اول و آخر کو قبول فرمائے اور وسط کو رد کر دے۔

۸- اللہ تعالیٰ کی عظیم رحمتوں کو جو باوجود گناہ اس کے حال پر فرماتا رہا یاد کر کے

www.waseemziyai.com

شرمندہ ہو اور اللہ جل جلالہ کی قدرتِ کاملہ اور اپنے عجز و احتیاج پر نظر کرے کہ موجب الحاح و زاری اور باعثِ دل شکستگی ہے اور وہ شکستہ دلوں سے بہت قریب، ہاں دعا کرتے کرتے غمگین نہ ہو جائے بلکہ پوری توجہ کے ساتھ عرض کرے لیکن نہ یوں کہ اپنی طاعت کا خیال آجائے کہ تکبر میں مبتلا ہونے کا خوف ہے۔

۹- شروع میں اللہ عزوجل کو اس کے محبوب ناموں سے پکارے اور ملائکہ و انبیاء کرام بالخصوص حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اس کے اولیاء اصفیاء بالتخصیص حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ سے توسل کرے کہ محبوبانِ خدا کے وسیلہ سے دعا قبول ہوتی ہے: قال اللہ تعالیٰ:

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ

ترجمہ: "اور اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔"

۱۰- بکمال ادب کھلے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر سینے یا شانوں یا چہرہ کے مقابل لائے اور ہتھیلیاں پھیلی رکھے یوں کہ پوری ہتھیلی آسمان کی سمت رہے کہ آسمان قبلۂ دعا ہے۔

۱۱- دعا نرم و پست آواز سے اور عاجزی و آہستگی کے ساتھ کرے۔ آنسو ٹپکانے کی کوشش کرے اگرچہ ایک ہی قطرہ۔ اور رونا نہ آئے تو رونے کا سا منہ بنائے کہ نیکوں کی صورت بھی نیک ہے۔

۱۲- مانگنے میں حاجت آخرت کو مقدم رکھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی کل حاجتیں مانگے۔ بہتر ہے کہ جو دعائیں احادیث میں وارد اور اکثر مطالب دنیا و آخرت کو جامع ہیں انہیں کو مانگے۔

۱۳- جب اپنے لیے دعا مانگے والدین، مشائخ اور سب اہلِ اسلام کو بھی اس میں

شریک کرلے کہ اگر یہ خود قابل عطا نہیں، کسی بندے کا طفیلی ہو کر مراد کو پہنچ جائے گا اور یہاں جامع ومختصر الفاظ جو کہ حدیث میں وارد ہیں۔ یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ رَحْمَةً عَآمَّةً۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ مَغْفِرَةً عَامَّةً۔

ترجمہ: ''الٰہی نبی ﷺ کی تمام امت پر رحم فرما خدایا نبی ﷺ کی تمام امت کو بخش دے۔''

۱۴- حتی الوسع وقت ومکانِ اجابت کی رعایت کرے۔

۱۵- جہاں تک ممکن ہو دعا بزبانِ عربی اور فہم معنی کے ساتھ ہو کہ لفظِ بے معنی، قالبِ بے جان ہے۔

۱۶- دعا میں تکرار کرے اور تکرار کا اقل مرتبہ تین ہے۔

۱۷- استجابت دعا پر یقین کامل رکھے کہ کریم سائل کو محروم نہیں پھیرتا۔

۱۸- دعا آمین پر ختم کرے کہ آمین دعا کی مُہر ہے۔

۱۹- بعد فراغت دعا دونوں ہاتھ چہرے پر پھیرے کہ وہ خیر و برکت جو بذریعہ دعا حاصل ہوئی چہرے سے ملاتی ہے۔

۲۰- دعا کے قبول میں جلدی نہ کرے ایسا شخص گھبرا کر دعا چھوڑ دیتا اور مطلب سے محروم رہتا ہے۔ اے عزیز! وہ کریم فرماتا ہے:

فَلَنِعْمَ الْمُجِیْبُوْنَ۔

ترجمہ: ''ہم کیا اچھے قبول کرنے والے ہیں۔''

یقین رکھ کہ وہ تجھے اپنے در سے محروم نہیں کرے گا اور اپنا وعدہ وفا فرمائے گا۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں تمہاری دعا قبول ہوتی ہے جب تک جلدی نہ کرو۔

www.waseemziyai.com

اے عزیز! تو کیا جانے کہ تیرے لیے بھلائی کس میں ہے وہ تجھ پر نظر کرم رکھتا ہے کہ تیری دعا قبول کرنے میں دیر کرتا ہے جبکہ باپ اپنے بچہ کی ہر خواہش کو پورا نہیں کرتا بلکہ براہِ شفقت اس کے نفع نقصان کو دیکھتا ہے تو وہ ارحم الراحمین کہ ہر تشبیہہ سے پاک ہے۔ اس پر کسی کا کیا زور کہ کل کا ہوتا آج ہو جائے ہاں اس سے ناامید ہونا مسلمان کی شان نہیں۔ وہ ارحم الراحمین جو کافروں کو نعمت سے محروم نہیں رکھتا تجھے کیا محروم رکھے گا۔ اس آستانِ رفیع کی خاک پاک پر لوٹ جا اور لپٹا رہ اور ٹکٹکی بندھی رکھ کہ اب دیتے ہیں۔ اب دیتے ہیں۔ پھر ذرا اپنے گریبان میں منہ ڈال کر یہ بھی دیکھنا ہے کہ اگر تمہارا کوئی برابر والا دوست تم سے ہزار بار کچھ کام اپنے کہے اور تم اس کا ایک کام نہ کرو تو اپنا کام اس سے کہتے ہوئے اول تو آپ شرماؤ گے کہ ہم نے تو اس کا کہنا کیا نہیں اب کس منہ سے اس سے کام کو کہیں۔ اور اگر غرض دیوانی ہوتی ہے اس سے کہہ بھی دیا اور اس نے نہ کیا تو اصلاً محل شکایت نہ جانو گے کہ ہم نے کب کیا تھا جو وہ کرتا۔ اب جانچو کہ تم مالک علی الاطلاق عز جلالہٗ کے کتنے احکام بجالاتے ہو۔ اس کے حکم بجا نہ لانا اور اپنی درخواست کا خواہی نخواہی قبول چاہنا کیسی بے حیائی ہے پھر فرق یہ کہ سر سے پاؤں تک نظر غور کر کے دیکھو کہ معلوم ہو کہ ایک ایک روئیں میں ہر آن ہر وقت کتنی کتنی ہزارو ہزار صد ہزار بے شمار نعمتیں ہیں پھر ان سب پر یہ بڑی نعمت ہے کہ وہ فرماتا ہے ''مجھ سے دعا مانگو میں قبول فرماؤں۔'' (ماخوذ از احسن الوعاء للفاضل البریلوی قدس سرہٗ)

❀❀❀❀

www.waseemziyai.com

خیر و برکات دارین کے لیے مفید اور کارآمد دعائیں

۵- فصل اول - ادعیۂ قرآنیہ

۱- قبولیت دعا کے لیے بعد دعاء پڑھے:

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾

ترجمہ: "اے رب قبول کر ہم سے تو ہی ہے اصل سنتا جانتا۔"

۲- اپنے اور اپنی اولاد کے لیے اعمالِ صالحہ کی توفیق ملنے کے لیے:

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾

ترجمہ: "اے ہمارے رب اور کر ہم کو حکم بردار اپنا اور ہماری اولاد میں بھی ایک حکم بردار امت، اور جتا ہم کو دستورحج کرنے کے اور ہم کو معاف کر، تو ہی اصل معاف کرنے والا مہربان ہے۔"

۳- احسن الدعا کہ خیر و برکات دارین کو جامع اور بے حد نافع ہے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾

ترجمہ: "اے ہمارے رب! دے ہم کو دنیا میں خوبی اور آخرت میں خوبی اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔"

www.waseemziyai.com

۴- ایمان پر ثبات اور اعداء اللہ کے مقابل فتح و نصرت کے لیے:

رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۵۰﴾

ترجمہ: ''اے ہمارے رب ڈال دے ہم میں جتنی مضبوطی ہے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور مدد کر ہماری کافر قوم پر۔''

۵- طلب رحمت کے لیے:

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ اِنۡ نَّسِيۡنَآ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ

ترجمہ: ''اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر ہم بھولیں یا چوکیں۔''

۶- احکام الٰہی کی پابندی کی توفیق ملنے کے لیے:

رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ

ترجمہ: ''اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسے رکھا ہم سے پہلوں پر۔''

۷- طلب مغفرت و نصرت الٰہی کے لیے:

رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا وقفة وَاغۡفِرۡ لَنَا وقفة وَارۡحَمۡنَا وقفة اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۸۶﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے اور نہ اٹھوا ہم سے جس کی طاقت نہیں ہم کو اور درگزر کر ہم سے اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم پر تو ہمارا صاحب ہے تو مدد کر ہماری قوم کافر پر۔''

۸- حق پر استقامت اور تصلب فی الدین کے لیے:

www.waseemziyai.com

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ⑧

ترجمہ: ''اے رب ہمارے دل نہ پھیر جب تو ہدایت دے چکا اور دے ہم کو اپنے یہاں سے مہربانی تو ہی ہے سب دینے والا۔''

۹- عذابِ جہنم سے پناہ اور معاصی کی بخشش کے لیے:

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۚ ⑯

ترجمہ: ''اے رب ہمارے ہم یقین لائے ہیں سو بخش ہم کو گناہ ہمارے اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔''

۱۰- طلب اولاد صالح کے لیے:

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ㊳

ترجمہ: ''اے میرے رب عطاء کر مجھ کو اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ بیشک تو سننے والا ہے دُعا۔''

۱۱- ایمان پر ہمیشگی کے لیے:

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ㊿

ترجمہ: ''اے رب ہم نے یقین کیا جو تو نے اتارا اور ہم تابع ہوئے رسول کے تو لکھ لے تُو ہم کو ماننے والوں میں۔''

۱۲- اسراف و معصیت کی بخشش، حق پر ثبات اور اعداء پر فتح ونصرت کی طلب کے لیے:

www.waseemziyai.com

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ﴿۱۴۷﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے بخش ہمارے گناہ اور ہم سے جو زیادتی ہوئی ہمارے کام میں اور ثابت رکھ قدم ہمارے اور مدد دے ہم کو منکر قوم پر۔''

۱۳- عذابِ جہنم سے نجات اور الٰہی مصنوعات پر اس کی تسبیح کے لیے:

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴿۱۹۱﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے تو نے یہ عبث نہیں بنایا، تو پاک ہے عیب سے سو ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے۔''

۱۴- ایمان کی سلامتی، گناہوں کی مغفرت اور حسن خاتمہ کے لیے:

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ﴿۱۹۳﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے ہم نے سنا ایک پکارنے والا پکارتا ہے ایمان لانے کو کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر سو ہم ایمان لائے۔ اے رب پس بخش گناہ ہمارے اور اتار ہماری برائیاں اور موت دے ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ۔''

۱۵- قیامت کے ہول سے الٰہی پناہ میں آنے کے لیے:

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ﴿۱۹۴﴾

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''اے رب ہمارے دے ہم کو جو وعدہ دیا تو نے اپنے رسولوں کے ہاتھ اور نہ رسوا کر ہم کو قیامت کے دن تحقیق تو خلاف نہیں کرتا وعدہ۔''

۱۶- نصرت الٰہی کے نزول کے لیے:

رَبَّنَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے پیدا کر ہمارے واسطے اپنے پاس سے کوئی حمایتی اور پیدا کر ہمارے واسطے اپنے پاس سے مددگار۔''

۱۷- وسعتِ رزق اور کشائش احوال کے لیے:

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے اتار ہم پر خوان بھرا آسمان سے کہ وہ عید رہے ہمارے پہلوں اور پچھلوں کو اور نشانی تیری طرف سے اور روزی دے ہم کو اور تو بہتر ہے روزی دینے والا۔''

۱۸- گناہوں سے توبہ اور طلب رحمتِ الٰہی:

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے ہم نے خراب کیا اپنی جان کو اور اگر تو نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ہو جائیں نامراد۔''

۱۹- فتح وظفر اور باہمی مروت ومیل کے لیے:

www.waseemziyai.com

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے فیصلہ کر ہمارے اور ہماری قوم میں انصاف کا اور تو ہے بہتر فیصلہ کرنے والا۔''

۲۰- عفو و عافیت دارین اور اُولیٰ و آخرت میں سلامتی کے لیے:

رَبَّنَا اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ط

ترجمہ: ''اے رب ہمارے تو ہی ہے ہمارا تھامنے والا سو بخش ہم کو اور مہر کر ہم پر اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے اور لکھ دے ہمارے واسطے اس دنیا میں نیکی اور آخرت میں ہم رجوع ہوئے تیری طرف۔''

۲۱- ظالموں کے شر اور کفار کی شرارت سے حفاظت کے لیے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

ترجمہ: ''اے رب ہم پر نہ آزما زور اس ظالم قوم کا اور چھڑا ہم کو اپنی رحمت سے اس کافر قوم سے۔''

۲۲- اعداء اللہ پر ہلاکت کے نزول کے لیے:

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾

ترجمہ: ''اے رب مٹا دے ان کے مال اور سخت پکڑ ان کے دل کہ نہ

www.waseemziyai.com

ایمان لائیں گے جب تک نہ دیکھ لیں دکھ کی مار۔"

۲۳- ایمان پر ثبات اور حسنِ خاتمہ اور دنیا و آخرت میں بھلائی کے لیے:

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ (۱۰۱)

ترجمہ: "اے میرے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں موت دے مجھ کو اسلام پر اور ملا مجھ کو نیک بختوں میں۔"

۲۴- علم میں زیادتی اور رب سے مغفرت کے لیے:

رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ (۴۷)

ترجمہ: "اے رب میرے میں پناہ میں ہوں تیری اس سے کہ پوچھوں تجھ سے جو معلوم نہ ہو مجھ کو اور تو رحم نہ کرے تو میں ہوں خرابی والوں میں۔"

۲۵- اپنے اور اپنی اولاد کو اطاعت کی توفیق کے لیے:

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ (۴۰)

ترجمہ: "اے رب کر مجھ کو کہ قائم کروں نماز اور میری اولاد کو اے رب اور قبول کر میری دعا۔"

۲۶- اپنی اور اپنے والدین اور عام مسلمانوں کی مغفرت کے لیے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

www.waseemziyai.com

الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے بخش مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور سب ایمان والوں کو قیامت کے روز۔''

۲۷- سفر پر جاتے وقت بخیریت واپسی کے لیے:

رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾

ترجمہ: ''اے میرے رب داخل کر مجھے سچے داخل ہونے کے مقام میں اور نکال مجھ کو سچا نکالنا اور بنا دے میرے لیے اپنے پاس سے ایک حکومت کی مدد۔''

۲۸- ہدایت کی توفیق اور رحمت باری کے نزول کے لیے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

ترجمہ: ''اے رب ہمارے دے ہم کو اپنے پاس سے رحمت اور بنا ہمارے کام کا بناؤ۔''

۲۹- حصولِ علم اور زیادتی بیان وتقریر کے لیے:

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾

ترجمہ: ''اے رب کشادہ کر میرا سینہ اور آسان کر میرا کام اور کھول گرہ میری زبان سے۔''

۳۰- حصولِ اولاد کے لیے:

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''اے رب میرے نہ چھوڑ مجھ کو اکیلا اور تو ہے سب سے بہتر وارث۔''

۳۱- سفر میں عافیت کے لیے:

رَّبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ۝۲۹

ترجمہ: ''اے رب اتار مجھ کو برکت کا اُتارنا اور تو ہے بہتر اتارنے والا۔''

۳۲- شیطان اور اس کے مکر سے پناہِ الٰہی کے لیے:

رَّبِّ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيۡنِ۝۹۷ وَاَعُوۡذُ بِكَ رَبِّ اَنۡ يَّحۡضُرُوۡنِ۝۹۸

ترجمہ: ''اے رب میرے میں پناہ چاہتا ہوں تیری شیطانوں کی چھیڑ سے، اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔''

۳۳- گناہوں پر ندامت اور نزولِ رحمتِ الٰہی کے لیے:

رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ۝۱۰۹

ترجمہ: ''اے رب ہمارے ہم یقین لائے سو معاف کر ہم کو اور رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے۔''

۳۴- گناہوں کی مغفرت اور نزولِ رحمت کے لیے:

رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ۝۱۱۸

ترجمہ: ''اے رب معاف کر اور رحم کر اور تو ہے سب رحم والوں سے بہتر۔''

۳۵- عذابِ دوزخ سے پناہ کے لیے:

رَبَّنَا اصۡرِفۡ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا۝۶۵

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''اے رب ہمارے ہٹا ہم سے دوزخ کا عذاب بیشک اس کا عذاب جان لیوا ہے۔''

۳۶- ازدواج اور اولاد کی بہتری اور اپنی فلاح کے لیے:

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾

ترجمہ: ''اے رب دے ہم کو ہماری عورتوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیزگاروں کے آگے۔''

۳۷- قیامت میں بلندی درجات اور نجات کے لیے:

رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿۸۵﴾ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۸۷﴾

ترجمہ: ''اے رب میرے رکھ میرا بول سچا پچھلوں میں اور کر مجھ کو وارثوں میں جنت کے باغوں کا اور رسوا نہ کر مجھ کو جس دن جی کر اٹھیں۔''

۳۸- اہل وعیال کو لوگوں کی شامت اعمال سے نجات کے لیے:

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

ترجمہ: ''اے رب میرے بچا مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے جو لوگ کرتے ہیں۔''

۳۹- مفسدین کے شر سے حفاظت کے لیے:

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾

ترجمہ: ''اے رب میری مدد کر ان شریر لوگوں پر۔''

۴۰- اپنی اور اپنے والدین کی جانب سے شکر الٰہی بجا لانے اور اعمالِ صالحہ کی

www.waseemziyai.com

توفیق ملنے کے لیے:

رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰهُ وَاَدۡخِلۡنِیۡ بِرَحۡمَتِكَ فِیۡ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۹﴾

ترجمہ: ''اے رب میری قسمت میں دے کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کروں کام نیک جو تو پسند کرے اور ملائے مجھ کو اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں۔''

۴۱- مسلمان مردوں اور عورتوں کو نیک اعمال کی توفیق ملنے اور انہیں اور ان کے اہل و عیال کو عذابِ الٰہی سے بچانے اور گناہوں سے مغفرت کے لیے:

رَبَّنَا وَسِعۡتَ كُلَّ شَیۡءٍ رَّحۡمَةً وَّعِلۡمًا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِیۡنَ تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا سَبِیۡلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِیۡمِ ﴿۷﴾ رَبَّنَا وَاَدۡخِلۡهُمۡ جَنّٰتِ عَدۡنِ الَّتِیۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّیّٰتِهِمۡ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَكِیۡمُ ۙ﴿۸﴾ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ ؕ

ترجمہ: ''اے رب ہر چیز سمائی ہے تیری رحمت اور خبر میں، سو معاف کر اُن کو جو توبہ کریں اور چلیں تیری راہ اور بچا ان کو آگ کی مار سے، اے رب ہمارے اور داخل کر ان کو بسنے کے باغوں میں جن کا وعدہ دیا تو نے ان کو، اور جو کوئی نیک ہو ان کے باپوں اور عورتوں اور اولاد میں، بے شک تو ہی ہے زبردست حکمت والا

www.waseemziyai.com

اور بچا ان کو برائیوں سے۔"

۴۲- پناہ اور دوریٔ عذاب کے لیے:

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ﴿١٢﴾

ترجمہ: "اے رب کھول ہم سے عذاب ہم تو ایمان رکھتے ہیں۔"

۴۳- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر اور اعمالِ صالحہ کی توفیق ملنے اور اہل و عیال کی بھلائی کے لیے:

رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِيٓ ۖ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٥﴾

ترجمہ: "اے رب میرے، میری قسمت میں کر کہ میں شکر کروں تیرے احسان کا، جو مجھ پر اور میرے والدین پر کیا اور کروں نیک کام جس سے تو راضی ہو اور نیک دے مجھ کو میری اولاد میں نے توبہ کی تیری طرف اور میں ہوں حکم بردار۔"

۴۴- کفار کے فتنے سے امن کے لیے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٥﴾

ترجمہ: "اے رب ہمارے نہ جانچ ہم پر کافروں کو اور ہم کو معاف کر اے رب تو ہی ہے زبردست حکمت والا۔"

۴۵- ظالموں کے شر سے حفاظت کے لیے:

رَبِّ ابْنِ لِي بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: "اے رب میرے بنا میرے واسطے ایک گھر اپنے پاس بہشت میں اور بچا ہم کو ظالموں سے۔"

۴۶- اپنی اور مسلمان مردوں اور عورتوں کی مغفرت کے لیے:

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾

ترجمہ: "اے رب میرے معاف کر مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو آئے میرے گھر میں ایماندار اور سب ایمان والے مردوں اور عورتوں کو اور ظالموں پر بھی بڑھتا رکھ، برباد ہونا۔"

۴۷- جملہ آفات و بلیات اور سحر و شعبدہ سے امن و حفاظت کے لیے:

اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

ترجمہ: "میں پناہ میں آیا صبح کے رب کی ہر چیز کی بدی سے جو اُس نے بنائی اور بدی سے اندھیرے کی جب وہ سمٹ آئے اور بدی سے عورتوں کی جو گرہوں میں پھونکیں اور بدی سے برا چاہنے والے کی جب وہ حسد کرے۔"

۴۸- جملہ آفات و بلایا اور وساوسِ شیطان سے امن و حفاظت کے لیے:

اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''میں پناہ میں آیا لوگوں کے رب کی لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی بدی سے اُس کی جو چھپ چھپ کر ہٹ کر آئے وہ جو خیال ڈالتا ہے لوگوں کے دلوں میں جنوں اور لوگوں سے۔''

۴۹- اپنی اور دین دار مسلمانوں کی مغفرت اور بغض سے حفاظت کے لیے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ۔

ترجمہ: ''اے رب بخش ہم کو اور ہمارے بھائیوں کو جنہوں نے ہم پر ایمان لانے میں سبقت کی اور مت رکھ ہمارے دلوں میں بیر ایمانداروں کی طرف سے بیشک تو بڑا مہربان اور رحیم ہے۔''

۵۰- نورِ ایمان ونجاتِ مغفرت:

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٨﴾

ترجمہ: ''اے اللہ پورا کر دے ہمارے لیے ہمارا نور اور بخش دے ہم کو بیشک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔''

www.waseemziyai.com

٦- فصل دوم- ادعیۂ ماثورہ

(منقولہ از دلائل الخیرات شریف)

۵۱- حب الٰہی کے لیے بکثرت ورد میں رکھے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ وَ سَمْعِيْ وَ بَصَرِيْ وَ اَهْلِيْ وَ مَالِيْ وَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ۔

ترجمہ: ''اے خدا مجھے اپنی محبت دے جو زیادہ ہو مجھے میرے نفس اور میرے کان اور میری آنکھ اور میرے اہل اور میرے مال اور ٹھنڈے پانی سے جو خوشگوار ہوتا ہے پیاسے کو۔''

۵۲- مشکل امور میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے کم از کم ۳ بار پڑھے:

رَبِّ سَهِّلْ وَ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَيْنَا يَارَبِّ۔

ترجمہ: ''اے پروردگار سہل کر اور آسان کر اور دشواری نہ کر ہم پر اے رب۔''

۵۳- شک اور وہم اور شیطانی وسوسوں سے حفاظت کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِي الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَالْكَلِمَاتِ وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ مِنَ الظُّنُوْنِ وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ السَّائِرَةِ لِلْقُلُوْبِ۔

ترجمہ: ''اے خدا ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں تیری حفاظت کا اپنے سب

www.waseemziyai.com

حرکتوں اور سکونوں اور باتوں اور ارادوں اور دل کے خطروں میں تمام گمانوں اور شکوں اور وہموں سے جو دل کو ڈھانپ لیتے ہیں۔''

۵۴- دنیا و آخرت میں عفو و عافیت۔ سفر و حضر میں سلامتی اور دشمنوں پر فتح و نصرت کے لیے بالخصوص سفر پر جاتے ہوئے:

اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا (۳بار) مَعَ الرَّاحَۃِ لِقُلُوْبِنَا وَ اَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَۃِ وَالْعَافِیَۃِ فِیْ دِیْنِنَا وَ دُنْیَانَا وَ کُنْ لَنَا صَاحِبًا فِیْ سَفَرِنَا وَ خَلِیْفَۃً فِیْ اَھْلِنَا وَ مُعِیْنًا وَ حَامِیًا فِیْ خَضَرِنَا وَ اطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَائِنَا وَ امْسَخْھُمْ عَلٰی مَکَانَتِہِمْ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! ہمارے کام آسان کر دے اور ہمارے دلوں، ہمارے بدنوں کو راحت و سلامتی اور عافیت دے دین اور دنیا میں، اور ہمارا ساتھ دے ہمارے سفر میں، اور ہمارے اہل و عیال کا نگہبان اور ہمارا مددگار اور حامی ہو، ہمارے گھر ہونے کی حالت میں، اور مٹا دے ہمارے دشمنوں کے چہرے اور مسخ کر دے تو انہیں ان کی جگہ پر۔''

۵۵- ہر کام کی ابتدا میں خصوصاً کھانے پینے کی کوئی چیز استعمال کرنے سے پہلے:

بِسْمِ اللہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللہِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے شروع جو شفاء دیتا، کفایت کرتا اور معاف فرماتا ہے۔ اس اللہ کے نام سے شروع جس کے نام کی برکت

www.waseemziyai.com

سے کوئی چیز آسمان اور زمین کو نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہی ہے سننے والا اور جاننے والا۔''

۵۶- غیبی امداد کے لیے ہر مشکل امر میں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَبْرَأُ مِنْ حَوْلِیْ وَ قُوَّتِیْ اِلٰی حَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ میں اپنی قوت و طاقت سے بری ہو کر تیری قوت اور طاقت کی طرف آتا ہوں۔''

۵۷- زیادتی حب نبی کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ قَلْبِ الْاِنْسَانِ الْکَامِلِ وَ حَبِّبْهُ فِیَّ۔

ترجمہ: ''اے میرے اللہ! میری محبت اس کامل بشر کے دل میں اور ان کی محبت میرے دل میں ڈال۔''

۵۸- حسن خاتمہ، ملت محمدی پر وفات اور دخولِ جنت کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اٰمَنْتُ بِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ لَمْ اَرَہٗ فَلَا تَحْرِمْنِیْ فِی الْجِنَانِ رُؤْیَتَهٗ وَارْزُقْنِیْ صُحْبَتَهٗ وَ تَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِهٖ وَاسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِهٖ مَشْرَبًا رَوِیًّا سَائِغًا هَنِیْئًا لَا نَظْمَأُ بَعْدَهٗ اَبَدًا اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ترجمہ: ''اے اللہ میں ایمان لایا سیدنا محمد ﷺ پر۔ حالانکہ میں نے انہیں نہ دیکھا تو نہ محروم کر مجھے جنت میں ان کے دیدار سے اور ان کی صحبت نصیب کر اور ان کی ملت پر موت دے ان کے حوض سے سیراب کر ایسے گھونٹوں سے جو سیراب کرنے والے گلے سے اترنے والے خوشگوار ہوں اور ہم اس کے بعد کبھی پیاسے نہ ہوں بے شک تو ہر چیز پہ قدرت رکھتا ہے۔''

www.waseemziyai.com

۵۹- دین قویم پر استقامت اور ملت محمدیہ حنیفیہ کے اتباع و اطاعت کی توفیق اور حضور کی مخالفت سے پناہ کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ لَزِمَ مِلَّةَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَ عَظَّمَ حُرْمَتَهٗ وَ اَعَزَّ كَلِمَتَهٗ وَ حَفِظَ عَهْدَهٗ وَ ذِمَّتَهٗ وَ نَصَرَ حِزْبَهٗ وَ دَعْوَتَهٗ وَ كَثَّرَتَا بِعِیْهِ وَ فُرْقَتَهٗ وَ وَافٰی زُمْرَتَهٗ وَ لَمْ یُخَالِفْ سَبِیْلَهٗ وَ سُنَّتَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْاِسْتِمْسَاكَ بِسُنَّتِهٖ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاِنْحِرَافِ عَمَّا جَآءَ بِهٖ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں کر دے جنہوں نے لازم کرلیا تیرے نبی ﷺ کی ملت کو اور ان کی حرمت کی تعظیم کی اور ان کے کلمہ کی توقیر کی اور ان کے عہد کی حفاظت اور ذمہ کی نگہداشت کی اور ان کے گروہ اور مذہب کی مدد کی اور ان کے پیروؤں کی اور ان کے فرقوں کو بڑھایا اور ان کے گروہ کی معاونت کی اور ان کے راستہ اور طریقہ کی مخالفت نہ کی، اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان کے طریقہ کو اختیار کرنے کا اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں ان کی لائی ہوئی چیزوں کی مخالفت کروں۔''

۶۰- خیر کے سوال اور شر سے حفاظت کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ نَبِیُّكَ وَ رَسُوْلُكَ ﷺ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ نَبِیُّكَ وَ رَسُوْلُكَ ﷺ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: "اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس بہتری کا جس کا سوال کیا تجھ سے تیرے نبی ﷺ نے اور میں پناہ مانگتا ہوں تیری اس برائی سے جس سے پناہ چاہی تیرے نبی ﷺ نے۔"

۶۱۔ بغض وحسد، کینہ وعداوت اور شر وفتن سے امان کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ وَ عَافِنِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْمِحَنِ وَالْحَسَدِ وَلَا تَجْعَلْ عَلَيَّ تِبَاعَةً لِاَحَدٍ۔

ترجمہ: "الٰہی بچا تو مجھے فتنوں کے شر سے اور عافیت دے مجھے تمام مصیبتوں سے اور میرا سارا ظاہر باطن سنوار اور میرے دل کو پاک کر دے کینہ اور حسد سے اور مت بنا مجھ کو تو کسی کا زور سہنے والا۔"

۶۲۔ معرفت پر عمل، منکر سے نفرت، رزق میں فراخی، اخراجات میں کفایت شعاری، خوشی وغمی میں عدل قول وفعل میں تواضع اور میانہ روی کی توفیق ملنے کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْاَخْذَ بِاَحْسَنِ مَا تَعْلَمُ وَالتَّرْكَ لِسَيِّئِ مَا تَعْلَمُ وَ اَسْئَلُكَ التَّكَفُّلَ بِالرِّزْقِ وَالزُّهْدَ فِي الْكَفَافِ وَالْمَخْرَجَ بِالْبَيَانِ مِنْ كُلِّ شُبْهَةٍ وَالْفَلَجَ بِالصَّوَابِ فِيْ كُلِّ حُجَّةٍ وَالْعَدْلَ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَاءِ وَالتَّسْلِيْمَ لِمَا يَجْرِيْ بِهِ الْقَضَاءُ وَالْاِقْتِصَادَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَالتَّوَاضُعَ فِي الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ وَالصِّدْقِ فِي الْجِدِّ وَالْهَزْلِ۔

ترجمہ: "اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس خیر پر عمل کا، جسے تو جانتا ہے اور اس شر کے ترک کا جسے تو جانتا ہے اور سوال کرتا ہوں

www.waseemziyai.com

تجھ سے تیرے رزق پر بھروسے کا اور روز مرہ کے خرچ میں
کفایت شعاری کا، اور ہر شعبہ سے نکلنے کا. بیان کے بعد. اور حق کی
فتح مندی اور ہر دلیل میں اور خوشی اور ناخوشی میں عدل کا، اور
قبول کرنا اس امر کا جس پر تیری قضا جاری ہے اور میانہ روی کا
افلاس اور تونگری میں اور فروتنی کا قول وفعل میں اور سچائی کا
حقیقت اور مذاق میں۔"

۶۳- حقوق الٰہی اور حقوق العباد کے بجالانے میں کوتاہی سے مغفرت وعفو کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ لِیْ ذُنُوْبًا فِیْمَا بَیْنِیْ وَ بَیْنَكَ وَ ذُنُوْبًا فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ لَكَ مِنْهَا فَاغْفِرْهُ وَمَا كَانَ مِنْهَا لِخَلْقِكَ فَتَحَمَّلْهُ عَنِّیْ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ۔

ترجمہ: "الٰہی میرے. بہت سے وہ گناہ ہیں جو میرے اور تیرے درمیان ہیں اور بہت سے وہ گناہ ہیں جو میرے اور تیری مخلوق کے درمیان ہیں الٰہی تو جو گناہ ان میں سے تیرا ہو اُسے معاف کر اور جو گناہ ان میں سے تیری خلق کا ہے تو اس کا بوجھ مجھ سے اتار اور مجھے غنی کردے اپنے فضل سے بیشک تیری مغفرت بہت وسیع ہے۔"

۶۴- علم و معرفت کی زیادتی، فتنوں سے نجات، وسوسوں سے حفاظت اور امن الٰہی کے لیے:

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِیْ وَاسْتَعْمِلْ بِطَاعَتِكَ بَدَنِیْ وَ خَلِّصْ مِنَ الْفِتَنِ سِرِّیْ وَاشْغَلْ بِالْاِعْتِبَارِ فِكْرِیْ وَقِنِیْ شَرَّ وَسَاوِسِ الشَّیْطَانِ وَاَجِرْنِیْ مِنْهُ یَا

www.waseemziyai.com

رَحۡمٰنُ حَتّٰی لَا یَکُوۡنَ لَهٗ عَلَیَّ سُلۡطَانٌ۔

ترجمہ: ''الٰہی علم سے میرا دل روشن کر دے اور اپنی بندگی کے قابل کر بدن میرا اور میرے باطن کو فتنوں سے صاف کر دے اور میری فکر کو عبرت میں مشغول کر دے اور مجھے شیطان کے وسوسوں سے بچا اور مجھے پناہ دے اس سے اے رحم فرمانے والے یہاں تک کہ اس کا مجھ پر کچھ زور نہ چلے۔''

۶۵- اہل جور کے ظلم وستم سے امان اور زبردستوں کے جور سے پناہ کے لیے (الف):

اَللّٰهُمَّ ارۡحَمۡنِیۡ مِنۡ زَمَانِیۡ هٰذَا وَ اِحۡدَاقِ الۡفِتَنِ وَ تَطَاوُلِ اَهۡلِ الۡجُرۡأَةِ عَلَیَّ وَاسۡتِضۡعَافِهِمۡ اِیَّایَ۔

ترجمہ: ''الٰہی نگاہ رکھ مجھے میرے اس زمانہ سے اور اس سے کہ فتنے مجھے گھیریں اور زوروالے مجھ پر ظلم کریں یا وہ مجھے کمزور جانیں۔''

۶۶- (ب)

اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ مِنۡكَ فِیۡ عَیَاذٍ مَنِیۡعٍ وَ حِرۡزٍ حَصِیۡنٍ مِنۡ جَمِیۡعِ خَلۡقِكَ حَتّٰی تُبَلِّغَنِیۡ اَجَلِیۡ مُعَافًا۔

ترجمہ: ''خداوندا! تو مجھے اپنی مضبوط پناہ اور محکم قلعہ میں لے لے اپنی تمام مخلوق سے یہاں تک کہ تو مجھے عافیت کی موت دے۔''

۶۷- دارین میں عفو وعافیت کے لیے بکثرت ورد میں رکھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَةَ فِی الدِّیۡنِ وَالدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ۔

ترجمہ: ''خدایا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے معافی اور عافیت کا دین و دنیا اور آخرت میں۔''

www.waseemziyai.com

۶۸- نیکی کی جانب رغبت اور شر اور بدی سے نفرت کی توفیق ملنے کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ مَالِكِیۡ وَ سَیِّدِیۡ وَ مَوْلَایَ وَ ثِقَتِیۡ وَ رَجَائِیۡ اَسْئَلُكَ بِحُرْمَةِ الشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَ قَبْرِ نَبِیِّكَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَنْ تَھَبَ لِیۡ مِنَ الْخَیْرِ مَا لَا یَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ وَ تَصْرِفَ عَنِّیۡ مِنَ السُّوْءِ مَا لَا یَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تو میرا مالک میرا سردار، میرا مولا میرا بھروسہ اور میری امید ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں حرمت والے مہینوں اور حرمت والے شہر اور حرمت والی عبادت گاہ اور تیرے نبی ﷺ کی قبر انور کے واسطے سے کہ تو مجھے وہ نیکی عطا کر جسے تیرے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ بدی مجھ سے پھیر دے جس کا علم تیرے سوا کسی اور کو نہیں ہے۔''

۶۹- اللہ تعالیٰ کے انعامات و احسانات کے شکر اور قبر و حشر کے ہولوں سے نجات اور اعمالِ صالحہ کی توفیق کے لیے:

اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْمَنِّ الَّذِیۡ لَا یُکَافِیۡ اِمْتِنَانُهٗ وَالطَّوْلِ الَّذِیۡ لَا یُجَازٰی اِنْعَامُهٗ وَ اِحْسَانُهٗ نَسْئَلُكَ بِكَ وَلَا نَسْئَلُ بِاَحَدٍ غَیْرِكَ اَنْ تُطْلِقَ اَلْسِنَتَنَا عِنْدَ السُّؤَالِ وَ تُوَفِّقَنَا لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَ تَجْعَلَنَا مِنَ الْاٰمِنِیْنَ یَوْمَ الرَّجْفِ وَالزَّلَازِلِ یَا ذَا الْعِزَّةِ وَالْجَلَالِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! اے احسان کرنے والے تیرے احسان کا بدلہ نہیں ہوسکتا اور نہ تیری بخشش کا عوض ہوسکتا ہے نہ انعام اور احسان کا۔ ہم

www.waseemziyai.com

تجھ سے سوال کرتے ہیں تیرے سوا تیرے کسی غیر سے سوال
نہیں کرتے تو ہماری زبانوں کو منکر نکیر کے سوال کے وقت گویائی
اور نیک کاموں کی توفیق دے اور ہم سب کو امن والوں میں کر۔
جس دن زلزلے اور بھونچال آئیں اے عزت و جلال والے۔"

۷۰۔ خشیت الٰہی، فروتنی، اخلاص اور شکر الٰہی کی توفیق ملنے اور معرفت الٰہی کے دل میں پیدا ہونے کے لیے:

نَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ عِلْمَ الْخَائِفِيْنَ وَ اِنَابَةَ الْمُخْبِتِيْنَ وَ
اِخْلَاصَ الْمُوْقِنِيْنَ وَ شُكْرَ الصَّابِرِيْنَ وَ تَوْبَةَ
الصِّدِّيْقِيْنَ وَ نَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ
مَلَاۗءَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَزْرَعَ فِىْ قَلْبِىْ مَعْرِفَتَكَ
حَتّٰى اَعْرِفَكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ وَ كَمَا يَنْبَغِىْ اَنْ يُعْرَفَ بِهٖ۔

ترجمہ: "خدایا ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے ڈرنے والوں کے علم اور منکسر مزاجوں کی توجہ اور یقین والوں کے اخلاص اور صبر والوں کے شکر اور صدق والوں کی توبہ کا اور سوال کرتے ہیں تجھ سے اے اللہ تیرے نور ذات کے وسیلہ سے جس نے تیرے عرش کے گوشوں کو منور کر دیا ہے کہ تو میرے دل میں اپنی معرفت ڈال میں تجھے ایسا پہچان لوں جیسا کہ تو اس کا سزاوار ہے۔"

۷۱۔ نبی کریم ﷺ کی محبت، ان کے طریقہ پر ہدایت، ان کی ملت پر موت، ان کے گروہ میں حشر اور زیارت حرمین شریفین کی توفیق ملنے کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا اٰمَنَّا بِهٖ ﷺ وَلَمْ نَرَهٗ فَمَتِّعْنَا اَللّٰهُمَّ فِى
الدَّارَيْنِ بِرُؤْيَتِهٖ وَ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰى مُحَبَّتِهٖ

www.waseemziyai.com

وَاسْتَعْمِلْنَا عَلٰی سُنَّتِہٖ وَ تَوَفَّنَا عَلٰی مِلَّتِہٖ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِہِ النَّاجِیَۃِ وَ حِزْبِہِ الْمُفْلِحِیْنَ وَانْفَعْنَا بِمَا انْطَوَتْ عَلَیْہِ قُلُوْبُنَا مِنْ مُحَبَّتِہٖ ﷺ یَوْمَ لَا جِدَّ وَلَا مَالَ وَلَا بَنِیْنَ وَ اَوْرِدْنَا حَوْضَہُ الْاَصْفٰی وَ اسْقِنَا بِکَاسِہِ الْاَوْفٰی وَ یَسِّرْ عَلَیْنَا زِیَادَۃَ حَرَمِكَ وَ حَرَمِہٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُمِیْتَنَا۔

ترجمہ: ”خدایا ہم ایمان لائے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بن دیکھے بس بہرہ مند کر الٰہی ہم کو دونوں جہان میں ان کی زیارت سے، اور ہمارے دل ان کی محبت پر جما دے، اور کام لے ہم سے اُن کی سنت کے مطابق اور موت دے ہمیں ان کی ملت پر، اور اٹھا ہمیں قیامت کے دن اُن کے نجات پانے والے گروہ اور فلاح پانے والے جتھے میں، اور ہمیں فائدہ پہنچا اس چیز سے جو ہمارے دلوں میں ہے حضور کی محبت، اس دن کہ نہ تونگری کام دے گی نہ مال اور نہ اولاد اور پہنچا ہمیں ان کے حوض مصفا پر اور پلا ہم کو ان کے بھرپور جام سے، اور آسان فرما ہم پر ان کے اور اپنے حرم کی زیارت، اس سے قبل کہ تو ہمیں موت دے۔“

۷۲- عبادت میں ذوق وشوق اور استغفار معاصی کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اَفْرِدْنِیْ لِمَا خَلَقْتَنِیْ لَہٗ وَلَا تَشْغَلْنِیْ بِمَا تَکَفَّلْتَ لِیْ بِہٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ وَ اَنَا اَسْئَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ وَ اَنَا اَسْتَغْفِرُكَ۔

ترجمہ: ”الٰہی تو مجھے یکتا کر دے اس چیز میں جس کے لیے تو نے مجھے

www.waseemziyai.com

پیدا کیا اور مجھے اس سے نہ پھیر جس کا تو میرے لیے ضامن ہوا اور مجھے محروم نہ کر میں تجھ سے مانگتا ہوں اور مجھے عذاب نہ دے میں تیری جانب گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔"

۷۳- زمین سے اٹھنے والے فتنوں اور آسمان سے اُترنے والی بلاؤں سے نجات:

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَ تَرْحَمَنِیْ وَ تَتُوْبَ عَلَیَّ وَ تُعَافِیَنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ الْخَارِجِ مِنَ الْاَرْضِ وَالنَّازِلِ مِنَ السَّمَآءِ۔

ترجمہ: "الٰہی میرے پروردگار میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور میری توبہ قبول کر اور مجھے عافیت میں رکھ ہر بلا اور ہر فتنہ سے وہ زمین سے اٹھے یا آسمان سے اترے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اپنی رحمت سے۔"

۷۴- محبت خدا اور رسول اور طریقۂ اہل سنت و جماعت پر خاتمہ کے لیے:

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاهِ نَبِیِّكَ الْمُصْطَفٰی وَ رَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنْ كُلِّ وَصْفٍ یُّبَاعِدُنَا عَنْ مُشَاهَدَتِكَ وَ مُحَبَّتِكَ وَ اَمِتْنَا عَلَی السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالشَّوْقِ اِلٰی لِقَائِكَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام۔

ترجمہ: "اے اللہ! میرے پروردگار اپنے برگزیدہ نبی اور پسندیدہ رسول کے صدقہ میں ہمارے دلوں کو ہر اس چیز سے پاک کر جو ہمیں دور کرے تیرے مشاہدہ اور تیری محبت سے اور ہمیں اہل سنت و جماعت میں موت دے اور ساتھ ہی اپنی زیارت کے شوق پر اے جلال و کرامت والے آقا۔"

www.waseemziyai.com

۷- فصل سوم- طہارت سے متعلق کارآمد دعائیں

دراَدعیہ ماثورہ منقولہ ازکتب فقہیہ و دیگر کتب دینیہ

۷۵- سوتے سے اٹھ کر:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ: ”تمام تعریفیں اللہ کے لیے جس نے ہمیں نیند سے موت کے بعد زندگی دی اور اُسی کی طرف پلٹنا ہے۔“

۷۶- بیت الخلاء جاتے وقت:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

ترجمہ: ”اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں پلیدی اور شیاطین سے۔“

۷۷- بیت الخلاء سے باہر آ کر:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَ عَافَانِیْ۔

ترجمہ: ”حمد ہے اللہ کے لیے جس نے اذیت کی چیز مجھ سے دور کر دی اور مجھے عافیت دی۔“

یا کہے:

غُفْرَانَكَ۔

ترجمہ: ”اللہ سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔“

www.waseemziyai.com

۷۸- طہارت خانہ میں یہ دعا پڑھ کر جائے:

بِسْمِ اللهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے جو بہت بڑا ہے اور اسی کی حمد ہے اور خدا کا شکر ہے کہ میں دین اسلام پر ہوں۔''

۷۹- طہارت خانہ سے باہر آ کر طہارت سے فراغت کے بعد:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَاۗءَ طَهُوْرًا وَالْاِسْلَامَ نُوْرًا وَّ قَائِدًا وَ دَلِيْلًا اِلَى اللهِ وَ اِلٰى جَنّٰتِ النَّعِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِیْ وَ طَهِّرْ قَلْبِیْ وَ مَحِّصْ ذُنُوْبِیْ۔

ترجمہ: ''حمد ہے اللہ کے لیے جس نے پانی پاک کرنے والا اور اسلام نور اور خدا تک پہنچانے والا اور جنت کا راستہ بتانے والا کیا۔ اے اللہ تو میری شرمگاہ کو محفوظ رکھ اور میرے دل کو پاک کر اور میرا گناہ دور کر۔''

۸۰- وضو شروع کرتے وقت:

بِسْمِ اللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے جو بہت بڑا ہے۔''

اور کلمہ شہادت بھی پڑھے۔

۸۱- کلی کرتے وقت:

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَ ذِكْرِكَ وَ شُكْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ تو میری مدد فرما قرآن کی تلاوت پر اور اس پر کہ تیرا

www.waseemziyai.com

ذکر اور شکر اور اچھی عبادت کروں۔"

۸۲- ناک میں پانی ڈالتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَۃَ النَّارِ۔

ترجمہ: "اے اللہ تو مجھے جنت کی خشبو سونگھا اور دوزخ کی بدبو سے بچا۔"

۸۳- منہ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْہٌ۔

ترجمہ: "اے اللہ تو میرے چہرے کو اُجالا کر جس دن کچھ منہ سپید ہوں گے اور کچھ سیاہ۔"

۸۴- داہنا ہاتھ دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

ترجمہ: "اے اللہ میرا اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں دے اور مجھ سے حساب آسان کر۔"

۸۵- بایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَرَاءِ ظَھْرِیْ۔

ترجمہ: "اے اللہ میرا اعمال نامہ نہ بائیں ہاتھ میں دے اور نہ پیٹھ کے پیچھے سے۔"

۸۶- سر کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِكَ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلَّ عَرْشِكَ۔

ترجمہ: "اے اللہ! تو مجھے اپنے عرش کے سایہ میں رکھ جس دن تیرے عرش کے سوا کہیں سایہ نہ ہوگا۔"

۸۷- کانوں کا مسح کرتے وقت:

www.waseemziyai.com

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! تو مجھے ان میں کر دے جو اچھی بات سنتے پھر اس پر عمل کرتے ہیں۔''

۸۸- گردن کا مسح کرتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ میری گردن آگ سے آزاد کر۔''

۸۹- دایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ۔

ترجمہ: ''اے اللہ میرے قدم پل صراط پر ثابت رکھ جس دن کہ اس پر قدموں میں لغزش ہو۔''

۹۰- بایاں پاؤں دھوتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّ سَعْیِیْ مَشْکُوْرًا وَ تِجَارَتِیْ لَنْ تَبُوْرَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میری کوشش بارآور کر اور میری تجارت ہلاک نہ ہو۔''

مسئلہ: یہ بھی جائز ہے کہ سب جگہ درود شریف ہی پڑھے بلکہ یہی افضل ہے۔

۹۱- وضو سے فارغ ہوتے ہی:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

ترجمہ: ''الٰہی تو مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک لوگوں اور ان میں کر

www.waseemziyai.com

دے جنہیں نہ آج کا غم ہے نہ کل کا خوف۔''

۹۲- وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پیے اور پھر یہ دعا پڑھے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

ترجمہ: ''تو پاک ہے اے اللہ اور میں تیری حمد کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔''

پھر کلمۂ شہادت اور سورۃ القدر پڑھے۔

فائدہ: ولہان ایک شیطان کا نام ہے جو وضو میں وسوسہ ڈالتا ہے اس کے وسوسہ سے بچنے کی ایک ترکیب یہ ہے کہ وسوسہ کا بالکل خیال نہ کیا جائے بلکہ اس کے خلاف کرنا بھی دافع وسوسہ ہے لیکن وسوسہ کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے بہترین تدابیر یہ ہیں:

۹۳- دافع وسوسہ: اعوذ باللہ اور لا حول شریف پڑھنا سورۃ والناس اور۔

۹۴- هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۔

ترجمہ: ''وہی اول و آخر ہے اور وہی ظاہر و باطن ہے اور اسی کے علم میں ہے ہر چیز۔''

۹۵- سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ اِنْ يَّشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَ يَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔

ترجمہ: ''پاک ہے سب کا پیدا کرنے والا بادشاہ ہر عیب سے، اگر وہ چاہے تو تمہیں دفع کر دے اور دوسری مخلوق پیدا فرما دے اور یہ اللہ پر دشوار نہیں۔''

www.waseemziyai.com

۸-اذان ونماز سے متعلق دعائیں

۹۶- **مسئلہ**: جب اذان سنے تو جواب دینے کا حکم ہے یعنی جو کلمہ موذن کہے اذان کو سننے والا بھی اس کو دہراتا جائے مگر حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الفَلَاح کے جواب میں دونوں لفظ کہہ کر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور:

۹۷- مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَا لَمْ یَکُنْ پڑھے۔

ترجمہ: ''جواللہ نے چاہا ہوا اور نہ چاہا نہ ہوا۔''

۹۸- صبح کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِنَ النَّوْم سن کر کہے:

صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ وَ بِالْحَقِّ نَطَقْتَ۔

ترجمہ: ''تو سچا اور نیکو کار ہے اور تو نے حق کہا۔''

مسئلہ: جب اذان ہو تو اتنی دیر کے لیے سلام کلام اور تمام اشغال، یہاں تک کہ اذان کی آواز آئے تو قرآن مجید کی تلاوت بھی موقوف کر دے جو اذان کے وقت باتوں میں مشغول رہے۔ اس پر معاذ اللہ خاتمہ برا ہونے کا خوف ہے۔

۹۹- جب موذن اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰہ کہے تو سننے والا انگوٹھوں کو بوسہ دے کر آنکھوں سے لگائے اور کہے:

قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِكَ یَا حَبِیْبِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''اے میرے حبیب! اے اللہ کے رسول میری آنکھوں کی ٹھنڈک (آپ) حضور سے ہے اے اللہ شنوائی اور بینائی کے ساتھ مجھے متمتع کر۔''

علمائے کرام نے فرمایا کہ جو شخص اس دعا کا پابند ہو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی آنکھیں دکھنے نہ آئیں۔

۱۰۰- ختم اذان کے بعد درود شریف پڑھ کر:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدَ ۨالْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا ۨالَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَاجْعَلْنَا فِیْ شَفَاعَتِہٖ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! اس دعائے تام اور برپا ہونے والی نماز کے مالک تو ہمارے سردار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ عطا کر اور ان کو مقام محمود میں کھڑا کر جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور قیامت کے روز ہمیں ان کی شفاعت نصیب فرما۔ بیشک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔''

۱۰۱- اقامت کا جواب بھی کلموں کو دہرانا ہے لیکن قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ کے جواب میں کہے:

اَقَامَھَا اللہُ تَعَالٰی وَ اَدَامَھَا وَاجْعَلْنَا مِنْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا۔

ترجمہ: ''اللہ اس کو قائم اور ہمیشہ رکھے اور ہمیں زندگی میں اور مرنے کے

www.waseemziyai.com

بعد اس کے نیک اہل سے بنائے۔"

۱۰۲۔ گھر سے نماز کے لیے جب قدم باہر نکالے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ وَ بِحَقِّ مَمْشَائِیْ ھٰذَا فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ اَشِرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِیَاءً وَلَا سُمْعَةً وَ خَرَجْتُ اِتِّقَاءَ سَخَطِكَ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُعِیْذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

ترجمہ: "اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس حق سے جو تو نے سوال کرنے والوں کا اپنے ذمہ کرم پر رکھا ہے اور اپنے اس چلنے کے حق سے اس لیے کہ میں فخر کے طور پر یا تکبر کے لیے اور دکھانے کو نہیں نکلا میں تیری ناراضی سے بچنے اور رضا کی طلب میں نکلا ہوں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ جہنم سے مجھے پناہ دے اور میرے گناہوں کو بخش دے بیشک تیرے سوا کوئی گناہوں کا بخشنے والا نہیں۔"

حدیث شریف میں فرمایا اس دعا کے پڑھنے والے کی طرف اللہ عزوجل اپنے وجہ کریم کے ساتھ متوجہ ہوتا ہے اور ستر ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔

۱۰۳۔ مسجد میں جائے تو کہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَ بِوَجْهِهِ الْكَرِیْمِ وَ سُلْطَانِهِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔

ترجمہ: "میں پناہ مانگتا ہوں اللہ عظیم کی اور اس کے وجہ کریم کی اور

www.waseemziyai.com

سلطان قدیم کی مردود شیطان سے۔"

۱۰۴- پھر مسجد میں دایاں پاؤں رکھ کر یہ کہے:

بِسْمِ اللهِ دَخَلْتُ وَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ نَوَيْتُ سُنَّةَ الْاِعْتِكَافِ۔ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام سے داخل ہوا اور اُسی پر بھروسہ کیا میں نے اور نیت کی میں نے اعتکاف کی۔ اے اللہ! تو میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

۱۰۵- مسجد سے باہر آتے وقت بایاں پاؤں باہر نکالے اور کہے:

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ۔

ترجمہ: "اے اللہ! تو میرے گناہوں کو بخش دے اور اپنے فضل کے دروازے میرے لیے کھول دے۔"

۱۰۶- یا، جاتے اور نکلتے وقت:

بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام سے میں داخل ہوا، اور اللہ کے رسول پر سلام ہو۔"

اس کے بعد اوپر والی دعا پڑھیں۔

❀❀❀❀

www.waseemziyai.com

۹-نماز کے بعد کے اذکار اور دعائیں

۱۰۷- جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی کی مداومت کرے حدیث شریف میں فرمایا کہ اسے جنت میں داخل ہونے سے کوئی چیز مانع نہیں سوا موت کے۔ یعنی مرتے ہی جنت میں چلا جائے۔ (بیہقی)

۱۰۸- ہر فرض نماز کے بعد اس تسبیح فاطمہ کا پڑھنے والا نامراد نہیں رہتا:

سُبْحَانَ اللهِ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	اَللّٰهُ اَكْبَرُ
۳۳ بار	۳۳ بار	۳۴ بار
اللہ پاک ہے	اللہ ہی کو ہے سب حمد	اللہ سب سے بڑا ہے

۱۰۹- تسبیح فاطمہ بطرز دیگر۔ حدیث شریف میں اس کے متعلق فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کی تمام خطائیں بخشی جائیں گی۔ اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ سُبْحَانَ اللهِ ۳۳ بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۳ بار۔ یہ کل ۹۹ ننانوے ہوئے پھر یہ کلمہ پڑھ کر سو پورے کرے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: ''کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے ملک اور حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

۱۱۰- نماز کے بعد پیشانی پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے اور ہاتھ ماتھے تک کھینچ کر لائے۔ دافع رنج والم ہے:

بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ۔

www.waseemziyai.com

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ الْھَمَّ وَالْحُزْنَ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام کی برکت سے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمن ورحیم ہے۔ اے اللہ! تو مجھ سے رنج اور غم دور کر دے۔"

۱۱۱۔ فجر اور عصر کے بعد بغیر کلام کیے اور بغیر پاؤں بدلے دس مرتبہ پڑھے۔ حدیث شریف میں فرمایا کہ اس کے دس گناہ معاف ہوں اور ہر ایک کے بدلے میں نیکیاں لکھی جائیں اور دس درجے بلند کیے جائیں گے اور یہ دعا پڑھنے والے کے لیے ہر برائی اور شیطان رجیم سے حفاظت ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کے لیے ملک وحمد ہے اسی کے ہاتھ میں خیر ہے وہ زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔"

۱۱۲۔ ہر نماز کے بعد چاروں قل خیر کثیر لاتا اور بفضلہٖ تعالیٰ وساوس شیطانیہ کو دفع کرتا ہے۔

۱۱۳۔ عبادت میں ذوق وشوق کے لیے:

رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

ترجمہ: "اے پروردگار تو اپنے ذکر وشکر اور حسنِ عبادت پر میری مدد فرما۔"

۱۱۴۔ مغفرت اور طلب رحمت، ہدایت وعافیت کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

ترجمہ: "اے اللہ تو مجھے بخش دے۔ مجھ پر رحم کر مجھے ہدایت وسلامتی اور حلال رزق دے۔"

www.waseemziyai.com

۱۱۵- کشائش رزق اور مال پر عذابِ الٰہی سے حفاظت کے لیے:

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! جسے تو عطا کرے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے تو روک دے اُسے کوئی دینے والا نہیں اور تیری قضا کا کوئی پھیرنے والا نہیں اور تیرے عذاب سے مالدار کو اس کا مال نفع نہیں دیتا۔''

۱۱۶- دین پر ثبات اور تزکیۂ نفس کے لیے:

اَللّٰھُمَّ مُعَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی دِیْنِكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دل اپنی بندگی کی طرف پھیر دے اے دلوں کے پلٹنے والے ہمارے دلوں کو اپنے دین پر جما دے۔''

۱۱۷- فرض نمازوں کے بعد کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَیْكَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ دَارَ السَّلَامِ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ تو سلامتی والا ہے۔ تجھ سے سلامتی ملتی اور تیری ہی جانب سلامتی لوٹتی ہے۔ اے رب ہمارے ہمیں سلامتی پر زندہ رکھ اور جنت میں داخل کر جو سلامتی کا گھر ہے تو برگزیدہ ہے اے رب تو بلند و بالا ہے اے جلال و اکرام والے۔''

۱۱۸- سینے کی کشادگی اور حلاوت زبان کے لیے اور زیادتی علم کے لیے اور تحصیل

www.waseemziyai.com

علم کی توفیق ملنے کے لیے:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عِلْمًا نَافِعًا وَ حِفْظًا کَامِلًا وَ دِرَایَۃً شَامِلَۃً وَ فَھْمًا زَکِیًّا وَ طَبْعًا صَفِیًّا وَ ذِھْنًا وَّفِیًّا وَّ شَوْقًا اِلٰی تَحْصِیْلِ الْعِلْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

ترجمہ: "الٰہی مجھے نفع بخش علم، کامل حفظ، شامل سمجھ، ذکی فہم، طبع رسا (صاف)، نیز دماغ اور علم حاصل کرنے کا شوق عطا فرما، اپنی رحمت سے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔"

۱۱۹- زیادتی بصر کے لیے جس کے ساتھ بحمدہٖ کثیر فوائد کے حصول کی بھی توقع ہے۔ ہر نماز کے بعد اگرچہ قضا پڑھی جائے آیۃ الکرسی شریف پڑھے اور جب وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا (ان دونوں کی حفاظت اسے تھکاتی نہیں) پر پہنچے تو آنکھوں پر انگلیاں رکھ کر گیارہ مرتبہ اسی کلمہ کی تکرار کرے اور پھر ختم کر دے۔ اور دونوں شہادت کی انگلیوں پر دم کر کے، آنکھوں پر پھیرے۔

۱۲۰- نماز تراویح میں چار رکعت کے بعد بیٹھنے پر (مسئلہ: جسے یہ دعا یاد نہ ہو وہ کلمہ پڑھے یا درود شریف)

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظَمَۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ۔ سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ۔ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ○ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَ نَسْئَلُکَ الْجَنَّۃَ وَ نَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''پاک ہے ملک و ملکوت والا پاک ہے عزت و بزرگی اور بڑائی اور جبروت والا پاک ہے بادشاہ جو زندہ ہے جو نہ سوتا ہے نہ مرتا ہے پاک ہے اور مقدس ہے ہمارا رب اور فرشتوں کا رب اور روح کا رب ۔ اے اللہ! ہمیں دوزخ سے پناہ میں رکھ، اے پناہ دینے والے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ اللہ سے ہم مغفرت چاہتے ہیں ۔ اے اللہ ہم تجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں اور دوزخ سے پناہ مانگتے ہیں۔''

۱۲۱- دعائے قنوت کہ وتر کی تیسری رکعت میں قرأت سے فارغ ہو کر پڑھی جاتی ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَ نَسْتَغْفِرُکَ وَ نُؤْمِنُ بِکَ وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَ نَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ۔ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَ نَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ۔

ترجمہ: ''الٰہی ہم تجھ سے مدد طلب کرتے ہیں اور مغفرت چاہتے ہیں۔ تجھ پر ایمان لاتے اور تجھ پر توکل کرتے ہیں ۔ ہر بھلائی کے ساتھ تیری ثناء اور تیرا شکر کرتے ہیں اور ناشکری نہیں کرتے اور ہم جدا ہوتے اور اس شخص کو چھوڑتے ہیں جو تیرا گناہ کرے ۔ اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور سعی کرتے ہیں ہم تیری رحمت کے امیدوار اور تیرے عذاب سے خائف

www.waseemziyai.com

ہیں۔بیشک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔"

۱۲۲- نماز وتر کے علاوہ بھی یہ اور آئندہ دعا اعداء کے شر سے حفاظت اور عزت و آبرو اور جان و مال کی حفاظت کے لیے بہترین دعا ہے جو حضور اقدس ﷺ نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو تعلیم فرمائی:

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْ مَنْ ھَدَیْتَ وَ عَافِنِیْ فِیْ مَنْ عَافَیْتَ وَ تَوَلَّنِیْ فِیْ مَنْ تَوَلَّیْتَ وَ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ اِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَیْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّ الْبَیْتِ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: "الٰہی تو مجھے ہدایت دے ان لوگوں میں جن کو تو نے ہدایت دی اور عافیت دے ان کے زمرہ میں جنہیں تو نے عافیت دی اور میرا ولی ہو، ان میں جن کا تو ولی ہو اور جو کچھ تو نے دیا اس میں برکت دے اور جو کچھ تو نے فیصلہ کیا اس کے شر سے مجھے بچا۔ بیشک تو حکم کرتا ہے اور تجھ پر حکم نہیں کیا جاتا بیشک تیرا دوست ذلیل نہیں ہوتا اور تیرا دشمن عزت نہیں پاتا۔ تو برکت والا اور پاک ہے۔ اے کعبہ کے مالک اور اللہ درود بھیجے نبی پر اور ان کی آل پر۔"

۱۲۳- حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ آخر وتر میں پڑھتے اور یوں بھی اس دعا کا ورد شر کو رفع کرتا ہے اور خیر کثیر لاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَ مُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ

www.waseemziyai.com

اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔

ترجمہ: "اے اللہ! میں تیری خوشنودی کی پناہ مانگتا ہوں تیری ناخوشی سے اور تیری عافیت کی تیرے عذاب سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں تیرے عذاب سے۔ میں تیری پوری ثنا نہیں کرسکتا تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے اپنی ثنا کی۔"

۱۲۴۔ دعائے قنوت نازلہ، کہ حادثۂ عظیمہ کے وقت اعداء دین سے الٰہی پناہ اور خداوندی حصار میں آنے اور مخالفین کی پراگندگی اور بربادی کے لیے پڑھی جاتی ہے اور بحمدہٖ تعالیٰ مفید ثابت ہوتی ہے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَ عَدُوِّهِمْ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ كَفَرَةَ اَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَ يُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَاءَكَ۔ اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَ زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَ اَنْزِلْ عَلَيْهِمْ بَأْسَكَ الَّذِيْ لَمْ يُرَدُّ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ۔

ترجمہ: "اے اللہ! تو مجھے بخش دے اور ایماندار اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو اور ان کے دلوں میں الفت پیدا کر دے اور ان کی آپس کی حالت درست کر دے اور انہیں مدد پہنچا اپنے اور ان کے دشمن کے مقابل۔ اے اللہ تو لعنت کر کفار، اہلِ کتاب اور مشرکین پر جو تیرے رسولوں کو جھٹلاتے اور تیرے دوستوں سے

www.waseemziyai.com

لڑتے ہیں۔ الٰہی تو اُن کی بات میں مخالفت ڈال دے۔ ان کے قدموں کو ہٹا دے اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما جو مجرموں سے واپس نہیں ہوتا۔"

مسئلہ: جسے دعائے قنوت یاد نہ ہو وہ احسن الدعاء (رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا۔ الآیۃ) پڑھے جو یہ بھی نہ پڑھ سکے وہ تین بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا پڑھے اور جو یہ بھی نہ پڑھ سکے وہ تین بار یَارَبِّ کہہ لے۔ قُلْ ھُوَ اللہُ پڑھنا بھی روا ہے۔

۱۲۵- فتح وخیر اور خاتمہ حسن کے لیے بعض اکابر سے ہر نماز فرض کے بعد یہ کلمے منقول ہیں:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا بِالْخَیْرِ وَاخْتِمْ لَنَا بِالْخَیْرِ وَاجْعَلْ عَوَاقِبَ اُمُوْرِنَا بِالْخَیْرِ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

ترجمہ: "اے اللہ! ہمارے ابتداء اور انتہا میں بھلائی دے اور ہمارے تمام کاموں کو خیر کے ساتھ انجام تک پہنچا۔ تیرے ہاتھ میں خیر ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔"

تنبیہ: نماز کے بعد جو اذکار طویلہ حدیث میں وارد ہیں وہ ظہر ومغرب وعشاء میں سنتوں کے بعد پڑھے جائیں۔ قبل سنت مختصر دعا پر قناعت چاہیے۔ ورنہ سنتوں کا ثواب کم ہو جائے گا۔ (ردالمحتار)

یونہی کسی دعا کی نسبت جو تعداد وارد ہے اسے کم زیادہ نہ کرے کہ ان اذکار کے فضائل اسی عدد کے ساتھ مخصوص ہیں۔ جیسے کوئی قفل کسی خاص کنجی سے کھلتا ہے۔ اب اگر کنجی میں دندانے کم یا زیادہ کر دیں تو اس سے نہ کھلے گا۔ البتہ اگر شمار میں شک واقع ہو تو زیادہ کر سکتا ہے اور یہ زیادت نہیں بلکہ اتمام ہے۔ (ردالمحتار)

www.waseemziyai.com

۱۰- تلاوت قرآن سے متعلق دعائیں

۱۲۶- سجدۂ تلاوت میں جبکہ بیرونِ نمازِ فرض کیا جائے جسے یہ دعا یاد نہ ہو وہ سجدہ کی تسبیح ہی پڑھے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدَ سَوَادِيْ وَبِكَ اٰمَنَ فُؤَادِيْ۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عِلْمًا يَّنْفَعُنِيْ وَعَمَلًا يَّرْفَعُنِيْ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میرے جسم نے تجھے سجدہ کیا اور میرا دل تجھ پر ایمان لایا۔ اے اللہ! تو مجھ کو نفع بخش علم اور بلندی دینے والا عمل عطا فرما۔''

۱۲۷- یا یہ دعا پڑھے:

سُبْحَانَ رَبِّنَا اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا۔

ترجمہ: ''پاک ہے ہمارا رب بیشک ہمارے رب کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔''

مسئلہ: فرض نماز میں وہی تسبیح پڑھے جو سجدہ میں پڑھی جاتی ہے۔

۱۲۸- اگر سجدہ تلاوت فوراً نہ کرسکے تو قاری یا سامع یہ کہے:

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔

ترجمہ: ''ہم نے سنا اور حکم مانا، ہم (تجھ سے) تیری مغفرت کا سوال کرتے ہیں اور اے رب تیری ہی طرف پھرنا ہے۔''

مسئلہ: کسی نعمت پر سجدۂ شکر کا بھی وہی طریقہ ہے جو سجدہ تلاوت کا۔

۱۲۹- تلاوت قرآن سے فراغت پانے کے بعد:

www.waseemziyai.com

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِالْقُرْاٰنِ وَ زَیِّنْ اَخْلَاقَنَا بِالْقُرْاٰنِ
وَ نَجِّنَا مِنَ النَّارِ بِالْقُرْاٰنِ۔ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنَا بِالْقُرْاٰنِ
الْعَظِیْمِ۔ وَاجْعَلْہُ لَنَا نُوْرًا وَ اِمَامًا وَ رَحْمَۃً وَ
بُرْھَانًا۔ اَللّٰھُمَّ ذَکِّرْنَا مِنْہُ مَا نَسِیْنَا وَ عَلِّمْنَا مِنْہُ
مَا جَھِلْنَا وَارْزُقْنَا تِلَاوَتَہٗ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَ اَطْرَافَ
النَّھَارِ وَاجْعَلْہُ لَنَا حُجَّۃً یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! ہمارے دلوں کو قرآن کی برکت سے منور کر اور ہمارے اخلاق قرآن سے سنوار اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے قرآن کے طفیل بچا۔ اے اللہ! قرآن کے صدقہ میں ہم پر رحم کر اور اسے ہمارے لیے نور امام، رحمت، اور دلیل بنا دے۔ اے اللہ! ہمیں قرآن سے یاد دلا جو ہم بھول گئے اور وہ بتا جو ہم نہیں جانتے ہیں اور اس کی تلاوت کی توفیق صبح و شام اور دن رات کی گھڑیوں میں دے اور اے تمام عالم کے رب اسے ہمارے لیے حجت بنا دے۔''

۱۳۰- درود شریف جو بعد تلاوت پڑھا جاتا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ
الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِکُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا۔

ترجمہ: ''اے اللہ! درود نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر قرآن کے ایک ایک حرف کی گنتی کے برابر، اور ہر حرف کے بدلے ایک ایک ہزار دفعہ۔''

❀❀❀❀

www.waseemziyai.com

۱۱- ایمان پر ثبات اور کفر سے تبرّی کی دعائیں

۱۳۱- ایمان پر خاتمہ کے لیے روزانہ بلا ناغہ قبل طلوعِ آفتاب وغروبِ آفتاب تین مرتبہ:

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَ بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا وَ رَسُوْلًا۔

ترجمہ: ''میں راضی ہوں اس سے کہ اللہ میرا رب، اسلام میرا دین اور ہمارے سردار محمد ﷺ اللہ کے نبی اور رسول ہیں۔''

۱۳۲- حصولِ شہادت کے لیے ترکیب مذکورہ بالا ۲۵ بار۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میری موت مبارک کر اور موت کے بعد مجھے برکت دے۔''

۱۳۳- حسبِ ترکیب سابق روزانہ تین بار اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں پڑھے۔

۱۳۴- نیز حصولِ شہادت کے لیے۔ جو شخص مرض الموت میں ۴۰ مرتبہ پڑھے اور اسی میں مرجائے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

ترجمہ: ''تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک میں حد سے گزر جانے والوں میں تھا۔''

اور اراچھا ہو گیا تو اس کلمہ کی برکت سے اس کی مغفرت ہو جائے گی۔

۱۳۵- جو شخص روزانہ ۲۷ مرتبہ مسلمان مردوں اور عورتوں کی مغفرت کی دُعا مانگے تو انشاء اللہ وہ بھی شہادت کے درجہ پر فائز ہوگا ورنہ کم از کم شہادت کا ثواب

www.waseemziyai.com

پائے گا۔ایسی دعائیں صفاتِ گزشتہ پر ہم نقل کر آئے ہیں۔

۱۳۶- ثوابِ عظیم و برکاتِ دارین کے حصول کے لیے وقت طلوع فجر یا طلوع آفتاب سے پہلے روزانہ ۱۰۰ بار حدیث شریف میں فرمایا یہ کلمات زبان پر ہلکے میزان پر بھاری ہیں:

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ. وَ بِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللهَ۔

ترجمہ: ''پاک ہے اللہ اور اسی کے لیے حمد ہے۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کے ساتھ میں مغفرت چاہتا ہوں۔''

۱۳۷- شرک سے نجات کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ اَنْ نُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا نَعْلَمُهٗ وَ نَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُهٗ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ ہم جانتے ہوئے تیرا کوئی شریک ٹھہرائیں اور تجھ سے مغفرت مانگتے ہیں اُس چیز سے جو ہمارے علم میں نہیں۔''

۱۳۸- کافر یا کفر کی علامت دیکھ کر یا ناقوس وغیرہ کی آواز سن کر:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَا نَعْبُدُ وَلَا نَسْتَعِيْنُ اِلَّا اِيَّاهُ۔

ترجمہ: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہم اس کے سوا نہ کسی کی عبادت کرتے ہیں نہ کسی غیر سے مدد مانگتے ہیں۔''

www.waseemziyai.com

۱۲- زمین و آسمان کے وقائع سے متعلق دعائیں

۱۳۹- ہر مہینہ کا نیا چاند دیکھ کر:

اَشْهَدُكَ يَا هِلَالُ اَنَّ رَبِّيْ وَ رَبَّكَ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاَمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِيْمَانِ وَالتَّوَابِيْنِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰهُ۔

ترجمہ: ''اے چاند! میں تجھے اس پر گواہ بناتا ہوں کہ میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہے اے اللہ! تو اس چاند کو چمکا ہم پر امن و امان اور سلامتی و ایمان کے ساتھ اور اپنی محبوب و پسندیدہ بات پر عمل کرنے کی توفیق کے ساتھ۔''

۱۴۰- بجلی کی کڑک سن کر۔

سُبْحَانَ مَنْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ۔

ترجمہ: ''پاکی ہے اس کو جس کی تعریف کڑک بھی کرتی ہے اور فرشتے بھی اس کے خوف سے۔''

۱۴۱- بادلوں کی گرج سن کر:

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَ عَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: "اے اللہ! تو اپنے غضب سے ہمیں قتل نہ کر اور اپنے عذاب سے ہلاک نہ کر اور اس سے قبل ہمیں عافیت میں رکھ۔"

۱۴۲- آسمان پر ابر آتا دیکھ کر۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْهِ۔

ترجمہ: "اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس میں ہے۔"

۱۴۳- تیز ہوا چلتے وقت:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ مَا فِیْھَا وَ خَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَ شَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ۔

ترجمہ: "اے اللہ! میں تجھ سے اس کے خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کے خیر کا جو اس میں ہے اور جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی اور تیری پناہ میں آتا ہوں اس کے شر سے اور اس کے شر سے جو اس کے ساتھ بھیجا گیا۔"

۱۴۴- مینہ برسنے لگے تو پڑھے:

اَللّٰھُمَّ سَقْیًا نَّافِعًا۔

ترجمہ: "اے اللہ! پانی ایسا برسا جو نافع ہو۔"

۱۴۵- طلب بارش کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اَسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا مُرِیْئًا مُرِیْعًا نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ۔

ترجمہ: "اے اللہ! ہم کو سیراب کر پوری بارش سے جو خوشگوار تازگی لانے

www.waseemziyai.com

والی نافع ہو۔ضرر نہ کرے۔جلد ہو دیر میں نہ ہو۔"

۱۴۶- دیگر:

اَللّٰھُمَّ اَسْقِ عِبَادَكَ وَ بَهِيْمَتِكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَ اَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّت۔

ترجمہ: "اے اللہ! تو اپنے بندوں اور چوپایوں کو سیراب کر اور اپنی رحمت پھیلا اور اپنے مردہ شہر کو زندہ کر۔"

۱۴۷- دیگر اونچے مقام پر کھڑے ہو کر متعدد آدمی مل کر اذان کہیں۔

۱۴۸- بارش اگر نقصان دہ معلوم ہو تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ حَوَالَيْنَا وَ عَلَيْنَا لَا۔ اَللّٰھُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظَّرَابِ وَ بُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ وَ مَنَابِتِ الشَّجَرِ۔

ترجمہ: "اے اللہ! ہمارے پاس برسا ہمارے اوپر نہ برسا۔اے اللہ! بارش برسا ٹیلوں اور پہاڑوں پر اور نالوں میں اور جہاں پیڑ اُگتے ہیں۔"

۱۴۹- جب دشمن یا رہزن کا خوف ہو تو سورۃ القریش کا ورد کرے۔ان شاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۱۵۰- وباء اگر عام ہو تو دروازے پر لکھ کر ٹانگ دیں۔

لِيْ خَمْسَةٌ اُطْفِيْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةِ۔ اَلْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَ ابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ۔

ترجمہ: "میرے لیے پانچ ہیں جن کی برکت سے ہلاک کرنے والی بلاؤں کی تیزی کو ختم کرتا ہوں۔ مصطفیٰ، مرتضیٰ ان کے دو صاحبزادے اور فاطمۃ الزہرا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم۔"

www.waseemziyai.com

۱۵۱- طلب باراں کے لیے مجرب رباعی

یا رب سبب حیاتِ حیواں بفرست
در خوانِ کرم نعمتِ الواں بفرست
از بہر لب تشنۂ طفلانِ بنات
از دایۂ ابر شیرِ باراں بفرست

۱۵۲- بارش روکنے کے لیے مجرب رباعی

اے ابر بہ شانِ مصطفایت سَوگند
وے برق بہ تیغ مُرتضایت سَوگند
بس کُن بس کُن کہ شُدند خلقاں عاجز
اے آب بخاکِ کربلایت سَوگند

۱۵۳- طلب باراں کے لیے سورۂ یٰسین شریف صف بنا کر پڑھیں۔ یوں کہ امام پڑھے مقتدی سنیں اور ہر مبین پر امام اذان کہے اور امام کے ہمراہ باقی لوگ اور پھر یٰسین شریف سے ابتداء کی جائے۔ الغرض ہر مبین پر اذان کے بعد یٰسین شریف شروع سے پڑھیں۔

۱۵۴- جب تارے ٹوٹیں تو یہ پڑھیں:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

❀❀❀❀

www.waseemziyai.com

۱۳- مکان سے نکلنے یا سفر کرنے سے متعلق دعائیں

۱۵۵- وقتِ رخصت سب سے دعا کرائے کہ برکت پائے گا۔

۱۵۶- کسی کو رخصت کرتے وقت:

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ۔

ترجمہ: ''اللہ کے سپرد کرتا ہوں تیرے دین اور تیری امانت اور تیرے عمل کے خاتمہ کو۔''

اور اگر چاہے تو اتنا اور اضافہ کرے۔

وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَزَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى وَجَنَّبَكَ الرَّدٰى۔

ترجمہ: ''اور اللہ تیرے گناہ بخشے تیرے لیے خیر میسر کرے تو جہاں ہو اور تقویٰ کو تیرا توشہ کرے اور تجھے ہلاکت سے بچائے۔''

۱۵۷- دروازے سے باہر نکلتے ہی یہ دعا پڑھے اور درود شریف کی کثرت کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ نَزِلَّ اَوْ نُزَلَّ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نُضَلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ نُظْلَمَ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلُ عَلَيْنَا اَحَدٌ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام اور اللہ کی مدد سے میں نے اللہ پر توکل کیا اور گناہ

www.waseemziyai.com

سے پھرنے اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ سے۔ اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں۔ اس سے کہ لغزش کریں یا کوئی ہمیں لغزش دے یا گمراہ ہوں یا گمراہ کیے جائیں یا ظلم کریں یا ہم پر ظلم کیا جائے یا جہالت کریں یا ہم پر کوئی جہالت کرے۔"

۱۵۸- نیز چلتے وقت یہ دعا پڑھے واپسی تک اہل و عیال محفوظ رہیں گے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَ كَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ۔

ترجمہ: "اے اللہ! ہم تیری پناہ میں آتے ہیں سفر کی دشواریوں اور واپسی کی مشکلات اور بدنگاہی سے اہل و عیال میں۔"

۱۵۹- اسی وقت آیۃ الکرسی اور سورۃ الکافرون سے سورۃ والناس تک تبت یدا کے سوا پانچ سورتیں سب مع بسم اللہ پڑھے پھر آخر میں ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ لے رستہ بھر آرام سے رہے گا۔

۱۶۰- نیز اسی وقت ایک بار یہ دعا پڑھے بالخیر واپس ہوگا۔

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ۔

ترجمہ: "بیشک جس نے تجھ پر قرآن فرض کیا تجھے واپسی کی جگہ واپس کرنے والا ہے۔"

۱۶۱- ریل وغیرہ پر سوار ہو تو بسم اللہ تین بار پڑھے۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَر اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور سبحان اللہ ہر ایک تین تین بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ ایک بار اور پھر یہ دعا پڑھے:

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

ترجمہ: "پاک ہے وہ جس نے ہمارے لیے اسے مسخر کیا اور ہم اس کو

www.waseemziyai.com

فرمانبردار نہیں بنا سکتے تھے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔"

۱۶۲- جب دریا میں سوار ہو تو یہ دعا پڑھے ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ۔ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام کی مدد سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے بیشک میرا رب بخشنے والا رحیم ہے اور انہوں نے اللہ کی قدر جیسی چاہیے نہ کی اور زمین پوری قیامت کے دن اس کی مٹھی میں ہے اور آسمان اس کے ہاتھ میں لپٹے ہوئے، پاک ہے وہ اور برتر ہے اس سے جس کو اس کا شریک بتاتے ہیں۔"

۱۶۳- جس راہ یا منزل میں اُترے وہاں یہ دعا پڑھ لے ہر نقصان سے بچے گا:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا خَيْرَ هٰذَا الْمُنْزَلِ وَ خَيْرَ مَا فِيْهِ وَاَكْفِنَا شَرَّ هٰذَا الْمُنْزَلِ وَ شَرِّ مَا فِيْهِ اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبَارَكًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ۔

ترجمہ: "اللہ کے کلماتِ تامہ کی پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے جس کو اس نے پیدا کیا الٰہی تو ہم کو اس منزل کی خیر عطا کر اور اس کی خیر جو اس میں ہے اور بچا ہمیں اس منزل کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے، الٰہی تو ہم کو برکت والی منزل میں اتار

www.waseemziyai.com

اور تو بہتر اتارنے والا ہے۔"

۱۶۴- جب وہ بستی نظر آئے جس میں جانا چاہتا ہے تو یہ دعا پڑھے۔ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃَ وَ خَیْرَ اَھْلِھَا وَ خَیْرَ مَا فِیْھَا وَ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃَ وَ شَرِّ اَھْلِھَا وَ شَرِّ مَا فِیْھَا۔

ترجمہ: "اے اللہ! ہم تجھ سے اس بستی کی اور بستی والوں کی اور جو کچھ اس میں ہے اس بھلائی کا سوال کرتے ہیں اور اس بستی اور اس بستی والوں کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔"

۱۶۵- جب کسی مشکل میں مدد کی ضرورت ہو۔ تین بار کہے غیب سے مدد ہوگی۔

یَا عِبَادَ اللہِ اَعِیْنُوْنِیْ۔

ترجمہ: "اے اللہ کے نیک بندو، میری مدد کرو۔"

یہ حکم حدیث میں ہے۔

۱۶۶- جب جانور شوخی کرے یا سواری بگڑے یہ پڑھے:

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللہِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْھًا وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ۔

ترجمہ: "کیا اللہ کے دین کے سوا کچھ اور تلاش کرتے ہیں اور اسی کے فرمانبردار ہیں خوشی اور ناخوشی سے وہ جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں اور اسی کی طرف تم کو لوٹنا ہے۔"

۱۶۷- جب کہیں دشمنوں کا خوف ہو یہ دعا پڑھ لے مامون رہے گا۔

www.waseemziyai.com

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! ہم تجھے ان کے سینوں کے مقابل کرتے اور ان کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔''

۱۶۸- بھوک پیاس سے حفاظت کے لیے یَا صَمَدُ (اے بے نیاز) ۱۳۴ بار روزانہ پڑھے۔

۱۶۹- غم و پریشانی لاحق ہو تو یہ دعا پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ۔

ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عظمت والا حلم والا ہے۔ بڑے عرش کا مالک ہے آسمانوں اور زمینوں کا مالک ہے اور بزرگ عرش کا مالک ہے۔''

۱۷۰- اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو کہے:

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ ضَالَّتِیْ۔

ترجمہ: ''اے لوگوں کو اس دن جمع کرنے والے جس میں شک نہیں۔ بیشک اللہ وعدہ کا خلاف نہیں کرتا۔ میری اور میری گم ہوئی چیز کے درمیان جمع کر دے۔''

۱۷۱- بلندی پر چڑھتے وقت:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: "اللہ سب سے بڑا ہے۔"

۱۷۲- بلندی سے اترتے وقت:

سُبْحَانَ اللهِ۔

ترجمہ: "اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔"

۱۷۳- بازار کو جائے تو چوتھا کلمہ پڑھے۔ جو آئندہ صفحات میں آتا ہے۔

۱۷۴- حاجی سے ملاقات کے وقت:

تَقَبَّلَ اللهُ نُسُكَكَ وَ اَعْظَمَ اَجْرَكَ وَ اَخْلَفَ نَفْقَتَكَ۔

ترجمہ: "اللہ تمہاری عبادات قبول کرے ثواب بڑھائے اور جو خرچ کیا اس کا بدل دے۔"

۱۷۵- جب گھر میں جائے تو بسم اللہ کہہ کر گھر میں قدم رکھے اور گھر والوں کو سلام کرے۔

۱۷۶- جب گھر میں کوئی نہ ہو تو اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ اور پھر قل ھو اللہ احد شریف ایک بار پڑھے فقر و تنگی معاش دور کرنے کے لیے حدیث میں یہ ترکیب آئی ہے۔

(چاہے تو درود شریف اس طرح پڑھ لے:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ۔

۱۷۷- مکان کے دروازے کو بسم اللہ پڑھ کر بند کرے بلائیں داخل نہ ہوں گی۔

۱۷۸- مکان میں قفل ڈالتے وقت یا مکان سے جاتے وقت:

فِيْ اَمَانِ اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى۔

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ کی امان میں ہے یہ سب کچھ۔"

www.waseemziyai.com

۱۴- عقیقہ و قربانی سے متعلق دعائیں

۱۷۹- جانور خریدتے وقت:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَ خَيْرَ مَا جُبِلَ عَلَيْهِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا جُبِلَ عَلَيْهِ۔

ترجمہ: "الٰہی میں تجھ سے اس کے خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کے خیر کا جس پر یہ پیدا کیا گیا ہے اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس شر سے جس پر یہ پیدا کیا گیا ہے۔"

۱۸۰- تکبیر تشریق کہ نویں ذی الحجہ کی فجر سے تیرھویں کی عصر تک ہر نماز فرض پنجگانہ کے بعد ایک بار بلند آواز سے کہنا واجب اور تین بار افضل ہے اور یہی تکبیر عید الاضحیٰ کی نماز پڑھنے کے لیے عید گاہ جاتے ہوئے راستہ میں پڑھی جاتی ہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔

ترجمہ: "اللہ سب سے بڑا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ ہی سب سے بڑا ہے اللہ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں۔"

۱۸۱- قربانی کا جانور ذبح کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھے:

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

www.waseemziyai.com

حَنِيۡفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ۔ اِنَّ صَلَاتِىۡ وَ نُسُكِىۡ وَ مَحۡيَاىَ وَ مَمَاتِىۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ وَ بِذٰلِكَ اُمِرۡتُ وَ اَنَا مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ۔

ترجمہ: ''میں نے اپنا منہ اس کی طرف کیا جس نے زمینوں اور آسمانوں کو پیدا فرمایا۔ میری نماز اور عبادت اور جینا اور مرنا سب اللہ کے لیے جو تمام عالم کا پروردگار ہے اس کا کوئی شریک نہیں مجھے اس کا حکم ہے اور میں فرمانبرداروں میں ہوں۔''

۱۸۲- اور پھر یہ دعا پڑھ کر ذبح کرے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ وَ مِنۡكَ بِسۡمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكۡبَرُ۔

ترجمہ: ''الٰہی یہ قربانی تیرے لیے، تیری دی ہوئی توفیق سے ہے۔ اللہ کے نام سے میں ذبح کرتا ہوں۔ اللہ ہی سب سے بڑا ہے۔''

۱۸۳- قربانی اپنی طرف سے ہو تو ذبح کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلۡ مِنِّىۡ كَمَا تَقَبَّلۡتَ مِنۡ خَلِيۡلِكَ سَيِّدِنَا اِبۡرَاهِيۡمَ عَلَيۡهِ السَّلَامُ وَ حَبِيۡبِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ۔

ترجمہ: ''الٰہی تو میری جانب سے قبول فرما جیسے تو نے اپنے دوست سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور اپنے محبوب سیدنا محمد ﷺ سے قبول فرمایا۔''

مسئلہ: اگر دوسرے کی جانب سے ذبح کرنا ہے تو مِنِّیۡ کی جگہ مِنۡ کے بعد اس کا نام لے۔

۱۸۴- دعائے عقیقہ۔

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيۡقَةُ فُلَانِ بۡنِ فُلَانٍ لَحۡمُهَا بِلَحۡمِهٖ وَ

www.waseemziyai.com

دَمُهَا بِدَمِهٖ وَ شَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَ جِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ وَ عَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ فِدَاءً مِّنَ النَّارِ۔

ترجمہ: ''الٰہی یہ فلاں بن فلاں کا عقیقہ ہے اس کا گوشت اس کے گوشت کا بدلہ، اور اس کا خون اس کے خون، اس کے بال اس کے بال اس کی کھال اس کی کھال اور اس کی ہڈی اس کی ہڈی کا بدلہ ہے۔ الٰہی اسے جہنم کا فدیہ بنادے۔''

اس کے بعد دعا نمبر ۱۸۳ پڑھ کر ذبح کر دے پہلے فلاں پر بچہ کا اور دوسرے فلاں پر اس کے باپ کا نام لیا جائے۔ مولود اگر لڑکی ہو تو بن کی جگہ بنت کہا جائے۔

www.waseemziyai.com

۱۵- کھانے اور پینے سے متعلق دعائیں

۱۸۵- کھانے سے پہلے بعد تسمیہ (بسم اللہ---):

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَبْدِلْنَا خَيْرًا مِّنْهُ۔

ترجمہ: "الٰہی! ہمیں اس میں برکت دے اور اس سے بہتر عطا فرما۔"

۱۸۶- دیگر۔ حدیث شریف میں آیا۔ پھر اس سے کوئی بیماری نہ ہوگی اگر چہ زہر ہو:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام اور اللہ کی مدد سے وہ جس کے نام کی برکت سے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی نہ زمین میں نہ آسمان میں اے زندگی عطا فرمانے والے اے سب کو قائم رکھنے والے۔"

۱۸۷- دودھ پینے سے پہلے، بعد تسمیہ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔

ترجمہ: "الٰہی ہمیں اس میں برکت دے اور زیادہ عطا کر۔"

۱۸۸- کھانے سے پہلے تسمیہ بھول جائے تو درمیان میں کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ فِیْ اَوَّلِهٖ وَ اٰخِرِهٖ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام سے اس کا اول اور آخر۔"

۱۸۹- کھانے سے فراغت کے بعد:

www.waseemziyai.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

ترجمہ: ''اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمانوں میں بنایا۔''

۱۹۰- کھانے والا جب دوسرے کو کھانے کے لیے تو وہ کہے:

بَارَكَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَكُمْ وَلَنَا۔

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ تمہیں اور ہمیں برکت دے۔''

مسئلہ: عام طور پر رواج ہے کہ جس سے کھانے کو پوچھا جاتا ہے وہ کہتا ہے بسم اللہ کرو یہ نہ کہنا چاہیے کہ اولاً اس کا اب کوئی محل نہیں۔ ثانیاً علماء نے بہت سختی سے منع فرمایا ہے اور یہ کہ پوچھنے والا محض رسمی طور پر نہ پوچھے۔

۱۹۱- دسترخوان بڑھایا جائے تو یہ دعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مُكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنِيٍّ عَنْهُ رَبَّنَا۔

ترجمہ: ''اللہ کے لیے ساری حمد ہے۔ کثیر طیب اور برکت والی یہ حمد نہ ہماری جانب سے کافی ہے اور نہ پوری پوری اور نہ ہم اس سے بے نیاز ہو سکتے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار!''

۱۹۲- اگر دوسرے کے ہاں کھانا کھائے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔

ترجمہ: ''الٰہی تو ان لوگوں کو ان کے رزق میں برکت دے انہیں بخش دے اور ان پر رحم فرما۔''

۱۹۳- پھل کھاتے وقت:

www.waseemziyai.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَخْرَجَ بِعِبَادِهِ الطَّیِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ۔

ترجمہ: ''تمام حمد اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندوں کے لیے صاف ستھرا رزق زمین سے نکالا۔''

۱۹۴- جب کھیت بوئے یا باغ لگائے تو کہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدٌ ضَعِیْفٌ سَلَّمْتُ هٰذَا اِلَیْكَ فَسَلِّمْهُ لِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ۔

ترجمہ: ''الٰہی میں ناچیز بندہ ہوں میں نے یہ تیری حفاظت میں دیا تو تو اسے میرے لیے محفوظ رکھ اور مجھے اس میں برکت دے۔''

۱۹۵- فصل تیار ہونے پر۔

یَا رَبِّ اَلْقَیْتُ بَذْرًا قَلِیْلًا وَّ اَعْطَیْتَنِیْ شَیْئًا كَثِیْرًا فَاجْعَلْهَا قُوْتَ طَاعَةٍ وَلَا تَجْعَلْهَا قُوْتَ مَعْصِیَةٍ وَّاجْعَلْنِیْ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ۔

ترجمہ: ''الٰہی میں نے اس میں تھوڑا بیج ڈالا اور تو نے مجھے بہت عطا فرمایا تو اے اللہ! اسے طاعت کی روزی بنا اور گناہ کی روزی مت بنا اور مجھے اپنے شکر گزاروں میں کر دے۔''

۱۹۶- پانی داہنے ہاتھ سے تین سانسوں میں بیٹھ کر پیے پہلی اور دوسری مرتبہ اللہ اکبر اور تیسری مرتبہ الحمد للہ کہے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کھڑے ہو کر ہر گز کوئی شخص پانی نہ پیے اور جو بھول کر ایسا کر گزرے وہ قے کر دے۔

(مسلم)

www.waseemziyai.com

۱۶- زینت اور لباس سے متعلق دعائیں

۱۹۷- ہر نیا کپڑا پہنتے وقت:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا کَسَوْتَنِیْهِ اَسْئَلُكَ خَیْرَهٗ وَ خَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ۔

ترجمہ: ”خداوندا تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے ہمیں یہ پہنایا میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کا جس کے لیے یہ بنایا گیا اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی اور اس برائی سے جس کے لیے یہ بنایا گیا۔“

۱۹۸- دیگر:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَ اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ۔

ترجمہ: ”خدا کا شکر ہے جس نے مجھے وہ پہنایا جس سے میں اپنی شرمگاہ چھپاتا اور اپنی زندگی میں اس سے جمال پاتا ہوں۔“

۱۹۹- ہر کپڑا پہنتے وقت:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے یہ کپڑا ہمیں پہننے کو دیا اور ہم میں اس کی طاقت نہ تھی۔''

۲۰۰- پائجامہ کا داہنا پائچہ پہنتے وقت قل اعوذ برب الفلق اور بایاں پائچہ پہنتے وقت قل اعوذ برب الناس پوری پڑھے۔ اس کا عامل زنا سے محفوظ رہے گا۔

۲۰۱- ٹوپی پہنتے وقت اَللّٰہُ اَکْبَرْ اور عمامہ باندھتے وقت آیۃ الکرسی پڑھے۔

۲۰۲- سرمہ لگاتے وقت:

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! مجھے سماعت اور بصارت سے بہرہ مند کر۔''

۲۰۳- داڑھی میں کنگھی کرتے وقت:

سُبْحَانَ مَنْ زَیَّنَ الرِّجَالَ بِاللُّحٰی وَالنِّسَاءَ بِالذَّوَائِبِ۔

ترجمہ: ''پاک ہے وہ جس نے مردوں کو داڑھی سے زینت دی اور عورتوں کو چوٹیوں سے۔''

۲۰۴- بالوں میں کنگھی کرے وقت:

اَللّٰھُمَّ سَرِّحْ عَنِّیْ الْھُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَ وَسْوَاسَ الشَّیْطَانِ۔

ترجمہ: ''اے پروردگار غم و اندوہ سے ہمیں نجات دے اور شیطانی وسوسوں سے بچا۔''

۲۰۵- آئینہ دیکھتے وقت:

اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَ تَسْوَدُّ

www.waseemziyai.com

وُجُوْہ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میرے چہرے کو روشن وسفید کر جس دن کچھ چہرے سفید ہوں اور کچھ سیاہ۔''

۲۰۶- نظرِ بد سے حفاظت کے لیے:

تَبَارَكَ اللهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهَا وَلَا تَضُرَّهَا۔

ترجمہ: ''برگزیدہ ہے اللہ اچھا پیدا کرنے والا۔ اے اللہ! اس میں برکت دے اور ضرر نہ دے۔''

جب کوئی چیز پسند آئے تب بھی یہ دعا پڑھے اپنی ہو یا پرائی۔

۲۰۷- غیر پسندیدہ چیز دیکھ کر یا بدشگونی خیال کر کے:

اَللّٰهُمَّ لَا يَأْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! تو ہی بھلائیوں کو لاتا اور برائیوں کو دفع فرماتا ہے اور بھلائی سے پھیرنے کی طاقت اور برائی میں مبتلا کرنے کی قوت سوائے خدا کے کسی کو نہیں۔''

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com

۱۷- رات کو پڑھنے کی بعض دعائیں

۲۰۸- روشن چراغ یا لیمپ وغیرہ دیکھ کر۔ اس کی برکت سے آدمی ان شاء اللہ تعالیٰ فتنۂ قبر سے مامون و محفوظ رہے گا۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مُنْکَرُ نَکِیْر۔ اَللہُ اِلٰھُنَا. وَ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ نَبِیُّنَا. وَالْاِسْلَامُ دِیْنُنَا وَالْقُرْاٰنُ کِتَابُنَا. وَ اٰدَمُ اَبُوْنَا وَالْکَعْبَۃُ قِبْلَتُنَا. قِیَامَتْ بَرْحَق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ۔

ترجمہ: ''تم پر سلامتی ہو اے منکر نکیر سنو اللہ ہمارا معبود، سیدنا محمد ﷺ ہمارے نبی، اسلام ہمارا دین، قرآن ہماری کتاب، آدم ہمارے باپ اور کعبہ ہمارا قبلہ ہے۔ قیامت حق ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد، اللہ کے رسول ہیں۔''

۲۰۹- جب رات کی تاریکی بڑھنے لگے تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مع تعوذ و تسمیہ پڑھ کر دم کرے۔

۲۱۰- دروازہ بند کرتے وقت:

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

۲۱۱- رات یا دن میں کتے کا بھونکنا یا گدھے کی آواز سن کر اَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پڑھے۔

۲۱۲- بستر پر جائے تو آیۃ الکرسی پڑھے۔ صبح تک وہ اور اس کے اہل و عیال اور پڑوسی اللہ کی حفاظت میں رہیں گے۔

۲۱۳- سوتے وقت سورۂ ملک کی تلاوت قبر کی اندھیریوں کا نور اور نجات ہے۔

۲۱۴- جو شخص سوتے وقت سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھ لے وہ اس کے لیے کافی ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ یہ آیات اللہ کی رحمت، اللہ سے نزدیکی، اللہ کے خزانوں میں سے ایک خزانہ اور دعا ہیں۔ انہیں سیکھو اور اپنی عورتوں کو سکھاؤ۔

۲۱۵- رات کو جب آنکھ کھلے تو یہ دعا پڑھے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ۔

ترجمہ: ''سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں۔ وہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اُسی کے لیے ملک اور حمد ہے وہ ہر شے پر قادر ہے۔ پاک ہے اللہ، اللہ کے لیے تمام حمد ہے۔ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں وہ سب سے بڑا ہے اور کسی میں کوئی طاقت اور قوت نہیں مگر اللہ کو، الٰہی مجھے بخش دے۔''

۲۱۶- صبح کو جب جاگے تو پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ: ''اللہ کے لیے تمام حمد ہے جس نے ہمیں موت کے بعد زندگی دی

www.waseemziyai.com

اور اسی کی طرف لوٹتا ہے۔"

۲۱۷- طلوع صبح صادق کے وقت روزانہ ایک سو مرتبہ:

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللهَ۔

ترجمہ: "پاک ہے اللہ اور اسی کی حمد ہے۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد ہے میں اللہ سے توبہ کرتا ہوں۔"

حدیث شریف میں فرمایا۔ یہ کلمے زبان پر بہت ہلکے اور میزان پر بہت بھاری اور اللہ کو بڑے پیارے ہیں۔ یعنی ان کا ورد ثوابِ عظیم لاتا ہے۔

۲۱۸- بدخوابی سے حفاظت کے لیے:

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَمَا اَدْرٰكَ مَا الطَّارِقُ۔ اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ۔

پڑھ کر سینے پر دم کر دے۔

۲۱۹- خواب میں زیارت نبوی کے لیے خلوصِ قلب سے درود شریف کی کثرت کرے اور مکان، لباس، بستر وغیرہ کو پاک رکھے جیسے کسی معزز مہمان کا استقبال کرنا ہے اور اب ان کے کرم سے امید کرے کہ جلوہ فرمائیں گے۔

۲۲۰- ہم بستری سے قبل پڑھے:

بِسْمِ اللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنْ كُنْتَ قَدَّرْتَ اَنْ تَخْرُجَ ذٰلِكَ مِنْ صُلْبِيْ۔

ترجمہ: "اللہ کے نام سے جو بڑی عظمت والا ہے۔ اے اللہ! تو اس نطفہ کو ستھری اولاد کر دے۔ اگر تو نے یہ مقدر فرمایا ہے کہ وہ میری صلب سے نکلے۔"

www.waseemziyai.com

۲۲۱- پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنَ وَ جَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَاهُ۔

ترجمہ: ''الٰہی ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو دور رکھ اپنی ہر عطا میں۔''

۲۲۲- قریب انزال دل میں پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا وَّ جَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا۔

ترجمہ: ''حمد تمام اللہ کے لیے جس نے پانی سے آدمی بنایا۔ پھر اس کا رشتہ اور سسرال مقرر کیے۔''

www.waseemziyai.com

۱۸- عیادت، تعزیت اور میت سے متعلق دعائیں

۲۲۳- اپنے کسی دوست یا عزیز کی بیماری کی خبر سنے تو یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِیْ فِی السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اِغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَ خَطٰیٰنَا یَا رَبَّ الطَّیِّبِیْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِنْ رَّحْمَتِكَ وَ شِفَاءً مِنْ شِفَاءِكَ عَلَی الْوَاقِعِ الَّذِیْ بِهٖ۔

ترجمہ: ”ہمارا پروردگار اللہ ہے جس کا نام آسمانوں میں بالا و برتر ہے۔ تیرا حکم آسمانوں اور زمینوں میں ایسا ہی جاری ہے جیسے تیری رحمت ان میں، ہمارے گناہوں اور خطاؤں کو بخش دے۔ اے ستھروں کے پروردگار اپنی رحمتوں کا کچھ حصہ اور اپنی شفا میں سے کچھ حصہ اس تکلیف پر اتار جو اس کے ساتھ ہے۔“

۲۲۴- جب ایسے شخص کو دیکھے جو کسی بلا میں مبتلا یا بیمار ہے تو یہ دعا پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِنْ مَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''شکر ہے اللہ کا جس نے مجھے عافیت میں رکھا اس بلا سے جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی مخلوق میں سے بہتوں پر فضیلت دی۔''

فائدہ: بخار، دردسر، نزلہ، زکام مبارک مرض ہیں۔ لہٰذا ان کے مریض کو یہ دعا نہ پڑھنی چاہیے کہ محرومی کا موجب ہوگی۔

۲۲۵- بیمار پرسی کے وقت سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی:

اَسْئَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ.

ترجمہ: ''میں سوال کرتا ہوں اللہ عظیم سے جو عرش کریم کا پروردگار ہے کہ تجھے شفا دے۔''

۲۲۶- جانکنی کی حالت میں جب تک روح گلے کو نہ آئی ہو مریض کو تلقین کریں یعنی اس کے پاس بلند آواز سے کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت پڑھیں اور کہنے کا حکم نہ دیں جب وہ پڑھ لے خاموش ہو جائیں اور پھر نہ پڑھیں۔ ہاں کلمہ پڑھنے کے بعد وہ پھر بات کرے تو پھر تلقین کریں۔

۲۲۷- روح نکلنے کے بعد اس کی آنکھیں بند کرتے وقت:

بِسْمِ اللهِ وَ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ. اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَيْهِ مَا بَعْدَهٗ وَ اسْعِدْهُ بِلِقَائِكَ وَاجْعَلْ مَا خَرَجَ اِلَيْهِ خَيْرًا مِّمَّا خَرَجَ عَنْهُ.

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے اور رسول اللہ کے دین پر، اے اللہ اس پر اس کا کام آسان کر اور اب جو کچھ اسے درپیش آئے اس میں آسانی دے اسے اپنے وصل کی سعادت عطا کر اور اس کی آخرت اس کی دنیا سے بہتر بنا۔''

www.waseemziyai.com

۲۲۸- جنازے کے ساتھ ساتھ جائے تو موت اور احوال اور اہوال قبر کو پیش نظر رکھے اور راہ میں آہستہ خواہ بلند آواز سے استغفار اور کلمہ شہادت کی تکرار کرے۔

۲۲۹- میت بالغ کے لیے دعائے نماز جنازہ میت خواہ مرد یا ہو عورت۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَ مَيِّتِنَا وَ شَاهِدِنَا وَ غَائِبِنَا وَ صَغِيْرِنَا وَ كَبِيْرِنَا وَ ذَكَرِنَا وَ اُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَ مَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ۔

ترجمہ: ”اے اللہ بخش دے ہمارے زندہ اور مردہ اور ہمارے حاضر و غائب اور ہمارے چھوٹے بڑے کو اور ہمارے مرد و عورت کو، الٰہی ہم میں سے تو جسے زندہ رکھے اسے اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے تو وفات دے تو ایمان پر وفات دے۔“

۲۳۰- میت نابالغ لڑکا ہو تو نماز میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّ اجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا۔

ترجمہ: ”اے اللہ! تو اس کو ہمارے لیے پیش رو کر اور ہمارے لیے اسے اجر و ذخیرہ اور ہماری شفاعت کرنے والا اور مقبول الشفاعت کر دے۔“

۲۳۱- اور اگر لڑکی ہو تو اجْعَلْهَا اور شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً کہے۔

۲۳۲- میت کو قبر میں اتارتے وقت:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''اللہ کے نام اور اللہ کی مدد سے اور رسول اللہ کی ملت پر۔''

۲۳۳- میت پر مٹی ڈالتے وقت دونوں ہاتھوں سے مٹی ڈالیں اور پہلی بار مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ دوسری بار وَ فِيْهَا نُعِيْدُكُمْ تیسری بار وَ مِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى اسی سے ہم نے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تم کو لوٹا دیں گے اور اسی سے تم کو دوبارہ اٹھائیں گے۔''

۲۳۴- یا پہلی بار جب کہ میت مرد ہو:

اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهِ۔

دوسری بار

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ السَّمَاءِ لِرُوْحِهٖ

تیسری بار

اَللّٰهُمَّ زَوِّجْهُ بِحُوْرِ الْعِيْنِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! زمین اس کے دونوں پہلوؤں سے کشادہ کر۔ اے اللہ! اس کی روح کے لیے جنت کے دروازے کھول دے۔ اے اللہ! حورعین کو اس مرد کی زوجہ کر۔''

۲۳۵- اور میت عورت ہو تو پہلی بار:

اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَيْهَا۔

ترجمہ: ''اے اللہ زمین اس کے دونوں پہلوؤں سے کشادہ کر۔''

دوسری بار:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَبْوَابَ السَّمَآءِ لِرُوْحِهَا۔

ترجمہ: ''اے اللہ! اس کی روح کے لیے جنت کے دروازے کھول دے۔''

تیسری بار:

www.waseemziyai.com

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهَا الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! اپنی رحمت سے اسے جنت میں داخل کر۔''

۲۳۶۔ دفن کے بعد قبر کے سرہانے سورۂ بقرہ کا اول یعنی الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک اور پائنتی سورۂ بقرہ کا آخر یعنی اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے ختم سورت تک پڑھے مردہ کو تلقین کے لیے اذان کہنا بھی مستحب و جائز اور علماء کرام کے نزدیک مستحسن ہے کہ میت کے لیے انس اور جوابات نکیرین میں آسانی کا موجب ہے۔

۲۳۷۔ جب قبر پر مٹی برابر کر چکیں تو مستحب ہے کہ قبر کے پاس کھڑے ہو کر یہ کہا جائے:

يَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ قُلْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ۔ تین بار

ترجمہ: ''اے فلاں بیٹے فلاں کے تو کہہ دے کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں۔''

پھر کہا جائے:

قُلْ رَبِّيَ اللهُ وَ دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ وَ نَبِيِّ مُحَمَّدٌ ﷺ ثَبَّتَنَا اللهُ وَ اِيَّاكَ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمِ۔

ترجمہ: ''اور کہہ کہ میرا رب اللہ اور میرا دین اسلام ہے اور میرے نبی محمد ﷺ ہیں۔ اللہ ہم کو اور تجھے قول ثابت پر ثابت رکھے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔''

۲۳۸۔ قبرستان سے گزرے تو کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ دَارِ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَ اِنَّا اِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ. نَسْاَلُ اللهُ لَكُمْ وَلَنَا الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ يَرْحَمُ اللهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ

www.waseemziyai.com

مِنَّا وَالْمُسْتَاخِرِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِيَةِ
وَالْاَجْسَامِ الْبَالِيَةِ وَالْعِظَامِ النَّخِرَةِ اَدْخِلْ هٰذِهِ
الْقُبُوْرَ مِنْكَ رَوْحًا وَّ رَيْحَانًا۔ وَ مِنَّا تَحِيَّةً وَّ سَلَامًا۔

ترجمہ: ''سلام ہو تم پر اے ایمان والوں کے گھر والو تم ہمارے پیش رو ہو اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں۔ ہم اپنے اور تمہارے لیے عفو و عافیت کا سوال کرتے ہیں۔ اللہ رحم فرمائے ہم سے اگلوں اور پچھلوں پر، اے اللہ! فانی روحوں، گل جانے والے جسموں اور بوسیدہ ہڈیوں کے پروردگار ان قبروں میں تازگی اور خوشبو تو اپنی طرف سے داخل کر اور ہماری طرف سے تحیۃ و سلام پہنچا دے۔''

۲۳۹۔ قبرستان میں جائے تو الحمد شریف اور قل شریف گیارہ یا سات یا تین مرتبہ پڑھ کر ثواب مردوں کو پہنچائے تو مردوں کی گنتی کے برابر اسے ثواب ملے گا۔

تنبیہ: اولیاء کرام کے مزارات طیبہ پر حاضری مسلمان کے لیے سعادت و باعث برکت ہے۔ وہ اپنی قبروں میں حیاتِ ابدی کے ساتھ زندہ ہیں۔ انہیں ایصالِ ثواب کو براہِ ادب، نذر و نیاز کہتے ہیں اور یہ ایسے ہی ہے جیسے بادشاہ کو نذر دینا ان کے مزارات پر حاضری و زیارت میں وہی آداب ملحوظ رکھے جو ان کی حیاتِ ظاہری میں ملحوظ ہوتے ہیں۔

۲۴۰۔ تعزیت ان لفظوں سے کرے:

لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَ اَعْطٰى وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى۔

ترجمہ: ''خدا ہی کا ہے جو اس نے لیا دیا اور اس کے نزدیک ہر چیز ایک مقرر میعاد پر ہے۔''

ضروری مسائل: میت کے اوصاف بیان کر کے آواز سے رونا، چلانا، گریبان

www.waseemziyai.com

پھاڑنا وغیرہ سب جاہلیت کے کام اور سخت حرام ہیں۔ پھر گھر والوں کے رونے کی وجہ سے میت پر بھی عذاب ہوتا ہے جبکہ وہاں رواج ہو اور اس نے منع نہ کیا ہو۔ پھر ان کے رونے سے مردہ بھی روتا ہے۔

مسئلہ: ایصالِ ثواب کے لیے سویم، چہلم یا گیارھویں/ بارھویں وغیرہ کی تعین و تخصیص کہ لوگوں نے سہولت کے لیے کر رکھی ہے محض رواجی اور عرفی ہے۔ اسے بدعت بتانا نئی شریعت گھڑنا اور اللہ و رسول پر افترا ہے ہاں نمود و نمائش کے لیے کوئی بھی کام نہ اپنے لیے مفید ہوتا ہے نہ غیروں کے حق میں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَم۔

www.waseemziyai.com

۱۹- متفرق دعائیں

۲۴۱- قبولیت دعا پر:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِعِزَّتِهٖ وَ جَلَالِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ۔

ترجمہ: ''تمام تعریف اللہ کو جس کے عزت و جلال کے فیض سے نیکیاں تمام ہوتی ہیں۔''

۲۴۲- کسی مجلس خیر کے اختتام اور وہاں سے واپسی کے وقت:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

ترجمہ: ''پاک ہے تو اے میرے معبود اور تیری حمد سے مدد طلب کرتے ہیں تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں تجھ سے مغفرت مانگتا اور تیری جانب توبہ کرتا ہوں۔''

۲۴۳- کسی دنیوی مجلس سے چلتے وقت دامن جھاڑ کر پڑھے:

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

ترجمہ: ''پاک ہے تیرا رب، پروردگار عزت، اس سے جسے یہ بتاتے ہیں اور اس کے رسولوں پر سلام اور حمد ہے اللہ کے لیے جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔''

www.waseemziyai.com

۲۴۴- مسجد میں اگر لوگ ذکر یا تلاوت میں مصروف ہوں تو کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا مِنْ رَّبِّنَا وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ۔

ترجمہ: "سلام ہو ہمارے اوپر ہمارے رب کی جانب سے اور اللہ کے نیک بندوں پر۔"

۲۴۵- زہریلے کیڑوں سے حفاظت کے لیے روزانہ قبل طلوع وغروب آفتاب تین بار پڑھے:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

ترجمہ: "میں اللہ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں مخلوق کے شر سے۔"

۲۴۶- جب کتا اپنے اوپر حملہ کرے تو یہ دعا پڑھ کر اس کی جانب تھوک دے:

وَ کَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ بِالْوَصِیْدِ۔

ترجمہ: "اصحابِ کہف کا کتا اپنے دونوں بازو پھیلائے ہوئے غار کی چوکھٹ پر (ہے)۔"

۲۴۷- زہریلے کیڑوں کا زہر اتارنے کے لیے:

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ۔

ان کلمات کی تکرار کرے اور ایک لکڑی اس مقام پر پھیرتا رہے۔

۲۴۸- پھول وغیرہ دیکھ کر یا سونگھ کر:

اَللّٰھُمَّ اَرِحْنِیْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا تُرِحْنِیْ رَائِحَةَ النَّارِ۔

ترجمہ: "اے اللہ! مجھے جنت کی خوشبو سنگھا اور جہنم کی بو سے بچا۔"

پھر درود شریف بھی پڑھ لے۔

۲۴۹- روزہ افطار کرنے کے بعد:

www.waseemziyai.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّی لَکَ صُمْتُ وَ بِکَ اٰمَنْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ
وَ عَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تجھ پر ایمان لایا اور تیرے کرم پر میں نے بھروسہ کیا اور تیرے دیئے ہوئے رزق سے افطار کیا۔''

۲۵۰- چھینک آنے پر:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

ترجمہ: ''تمام تعریف اللہ کو جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔''

۲۵۱- سننے والا یہ جواب دے:

یَرْحَمُکَ اللّٰہُ۔

ترجمہ: ''اللہ تم پر رحم کرے۔''

۲۵۲- چھینکنے والا پھر یہ جواب دے:

یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَ یُصْلِحُ بَالَکُمْ۔

ترجمہ: ''اللہ تمہیں ہدایت پر رکھے اور تمہارے حال کو اچھا کرے۔''

مسئلہ: چھینک کو بدفالی تصور کرنا جہالت اور کفار کی خصلت ہے۔

۲۵۳- جماہی آنے پر:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

ترجمہ: ''گناہ سے پھرنے اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ عظیم و اعلیٰ سے۔''

۲۵۴- ہر درد اور مرض کے دور کرنے کے لیے مریض پر دم کریں۔

اَذْھِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا

www.waseemziyai.com

شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُ شِفَاءِكَ لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

ترجمہ: ''اس تکلیف کو دور کر دے اے لوگوں کے پروردگار اور شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے اور تیری شفاء کے سوا کوئی شفاء نہیں. ایسی شفا جو مرض کو باقی نہ رکھے۔''

۲۵۵- ادائیگی قرض کے لیے اس دعا کو بکثرت پڑھے:

اَللّٰهُمَّ يَا فَارِجَ الْهَمِّ وَ يَا كَاشِفَ الْغَمِّ وَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَ رَحِيْمَ الْاٰخِرَةِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمْنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تُغْنِيْنِيْ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! اے رنج دفع فرمانے والے اور اے غم کو کھولنے والے اور اے پریشان حال کی فریاد سننے والے اور دنیا کے رحمٰن، اور آخرت کے رحیم میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ، تو اپنے کرم سے مجھ پر رحم فرما اور غیر سے مجھے بے نیاز کر دے۔''

۲۵۶- بخار دفع کرنے کے لیے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَ سَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت سے اور محمد رسول اللہ کی برکت سے اے آگ ٹھنڈی اور سلامتی ہو جا ابراہیم پر۔''

۲۵۷- آسانی دردِزہ کے لیے اگرچہ گائے بکری وغیرہ کو ہو یہ کلمات اس کے پاس پڑھے:

حَنَّةُ وَلَدَتْ مَرْيَمَ وَ مَرْيَمُ وَلَدَتْ عِيْسٰى اَلْاَرْضُ تَدْعُوْكَ اَيُّهَا الْمَوْلُوْدُ اُخْرُجْ اَيُّهَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَةِ

www.waseemziyai.com

اللہِ تَعَالٰی۔

ترجمہ: ''حنہ سے مریم پیدا ہوئیں۔ مریم سے عیسیٰ پیدا ہوئے اے مولود تجھے زمین بلاتی ہے۔ اے مولود اللہ تعالیٰ کی قدرت سے پیدا ہو۔''

۲۵۸- سانپ کا زہر اتارنے کے لیے مار گزیدہ پر بار بار دم کرے۔

سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ وَ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ نُوْحُ نُوْحُ نُوْحُ قَالَ لَکُمْ نُوْحٌ مَنْ ذَکَرَنِیْ فَلَا تَلْدَغُوْہُ۔

ترجمہ: ''سلام ہو نوح پر جہاں والوں میں، اور محمد ﷺ پر رسولوں میں، نوح نوح نوح، تم سے نوح نے فرمادیا تھا کہ جو میری یاد کرے اسے نہ کاٹنا۔''

فائدہ: اس دعا کو صبح و شام پڑھنے والا زہریلے کیڑوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۲۵۹- گھن سے حفاظت کے لیے مدینہ طیبہ کے ساتوں فقہائے کرام کے نام لکھ کر پرچہ گیہوں وغیرہ میں رکھ دیں جب تک وہ پرچہ رہے گا گھن نہ لگے گا ان کے اسماء طیبہ یہ ہیں: عبید اللہ، عروہ، قاسم، سعید، ابوبکر، سلیمان، خارجہ رضی اللہ عنہم۔

۲۶۰- یہی نام پڑھ کر سر پر دم کیے جائیں وتو دردِ سر کھو دیتے ہیں۔

۲۶۱- جس نے کھانا زیادہ کھالیا اور بدہضمی کا خوف ہو تو وہ پیٹ پر ہاتھ پھیرتا ہوا تین بار پڑھے:

اَللَّیْلَۃُ لَیْلَۃُ عِیْدِیْ یَا کَرْشِیْ وَ رَضِیَ اللہُ عَنْ سَیِّدِیْ اَبِیْ عَبْدِ اللہِ الْقُرَشِیْ۔

ترجمہ: ''اے میرے معدے آج کی رات میری عید کی رات ہے اور اللہ راضی ہو ہمارے سردار ابوعبداللہ قرشی سے۔''

www.waseemziyai.com

اور دن میں اَللَّیۡلَۃُ لَیۡلَۃٌ کی جگہ اَلۡیَوۡمُ یَوۡمٌ کہے۔

۲۶۲۔ اگر کسی پر شیر جھپٹے تو حضرت علی بن ہیتی کا نام مبارک لے۔ شیر واپس چلا جائے گا۔

۲۶۳۔ جہاں بکثرت مچھر ہوں حضرت کا نام پاک لیا جائے مچھر دفع ہو جائیں گے۔

۲۶۴۔ ڈوبنے، جلنے، لوٹ مار، چوری سے پناہ اور مکان سے جن دفع کرنے کے لیے اصحاب کہف کے نام دیواروں پر لکھ کر لٹکائے ان کے اسماء طیبہ یہ ہیں:

یَمۡلِیۡخَا، مِکۡسَلۡمِیۡنَا، کَشۡفُوۡطَطۡ، تَبۡیُوۡنَسۡ، آذر، فطیونس، کشافطیونس، یوانس، بوس وَ اِسۡمُ کَلۡبِہِمۡ قِطۡمِیۡرٌ۔

۲۶۵۔ بری خبر سنے تو کہے:

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ۔

ترجمہ: ''ہم اللہ کے ہیں اور بیشک اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔''

۲۶۶۔ جس شخص کے اوراد کسی دن اتفاقاً فوت ہو جائیں تو یہ پڑھے۔ ان شاء اللہ سب ثواب پائے گا۔

فَسُبۡحٰنَ اللّٰہِ حِیۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَ حِیۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ وَلَہُ الۡحَمۡدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَ عَشِیًّا وَّ حِیۡنَ تُظۡہِرُوۡنَ۔

ترجمہ: ''تو پاکی ہے، اللہ کو جب تم شام کرتے ہو اور جب صبح کرتے ہو، اور رات کو اور جب تم دوپہر کرتے ہو۔''

۲۶۷۔ زیادتی بینائی چشم کے لیے ہر نماز کے بعد یہ رباعی تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں کی پوروں پر دم کرے اور پھر آنکھوں پر ملے۔

www.waseemziyai.com

یا رب بدو نور دیدۂ پیغمبر
یعنی بدو شمع دودمانِ حیدر
بر حالِ منِ عینِ عنایت بنگر
دارم نظر آں کہ نیفتم ز نظر

۲۶۸- تنگدستی سے نجات کے لیے سورہ الم ترکیف ۷ بار روزانہ ہمیشہ پڑھے۔ مجرب ہے۔

۲۶۹- مال تجارت میں خیر و برکت کے لیے یہ آیت معہ تسمیہ متاع (سامان) میں رکھے۔

وَ مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔

ترجمہ: ''اور اللہ سے زیادہ قول کا پورا (کرنے والا) کون تو خوشیاں مناؤ اپنے سودے کی جو تم نے اس سے کیا ہے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔''

مسئلہ: جس مال تجارت سے زکوٰۃ نہ ادا کی جائے گی وہ مال آخر کار نقصان لائے گا۔

۲۷۰- ہر مطلب جائز کے حصول اور ہر حاجت پوری ہونے کے لیے چہار شنبہ کو باطہارت ستر بار آیۃ کریمہ پڑھے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ۔

ترجمہ: ''اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غیب کو جاننے والا وہی ہے مہربان نہایت رحم والا۔''

۲۷۱- ادائے قرض اور رنج و الم سے نجات کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ

www.waseemziyai.com

اَلْعِجْزِ وَالْکَسَلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں رنج وغم سے عاجزی و سستی سے، بزدلی وبخل سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے غلبے اور لوگوں کے جبروزور سے۔''

۲۷۲- جب ڈرے یا گھبرائے یا نیند اُچٹ جائے تو یہ پڑھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ عِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

ترجمہ: ''میں اللہ کے کلام تامہ کی پناہ مانگتا ہوں اس کے غضب و عقاب اور اس کے بندوں کی برائی، شیاطین کے وسوسوں اور اس سے کہ وہ مجھ سے قریب ہوں۔''

۲۷۳- رزقِ حلال میں وسعت اور ادائے قرض کے لیے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ:

اَللّٰهُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ! مجھے رزق حلال دے اور حرام روزی سے بچا اور اپنے فضل وکرم سے غیروں سے مستغنی کردے۔''

۲۷۴- بازار میں جائے تو یہ پڑھے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک

www.waseemziyai.com

نہیں۔ اسی کی سلطنت ہے اور اسی کے لیے حمد ہے وہی مارتا اور زندہ کرتا ہے۔ وہ زندہ ہے اسے کبھی موت نہیں اسی کے ہاتھ سب بھلائی ہے اور وہی ہر شے پر قادر ہے۔''

۲۷۶- عبادت پر دوام اور دین پر استقامت کے لیے:

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰى دِيْنِكَ۔

ترجمہ: ''اے اللہ دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے اے دلوں کے پلٹنے والے ہمارے دل اپنے دین پر جما دے۔''

۲۷۷- نوافل میں دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ میں پڑھنے کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ۔

ترجمہ: ''الٰہی! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے چین دے اور رزق عطا فرما۔''

۲۷۸- باہمی رنجش دور کرنے اور اصلاحِ فساق اور برکات دارین کے لیے:

اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَ نَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ جَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ اَسْمَاعِنَا وَ اَبْصَارِنَا وَ قُلُوْبِنَا وَ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا وَ تُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شٰكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَ اَتِمَّهَا عَلَيْنَا۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''الٰہی! ہمارے دلوں میں الفت ڈال دے اور ہمارے آپس کے تعلقات خوشگوار کر دے اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا۔ اور ہمیں تاریکیوں سے روشنی میں لا اور ہمیں ظاہری اور باطنی بے حیائیوں سے بچا اور برکت عطا فرما، ہمارے کانوں اور آنکھوں اور ہمارے دلوں اور ہمارے اہل و عیال میں۔ اور ہماری توبہ قبول کر بے شک تو ہی توبہ قبول کرنیوالا مہربان ہے اور ہمیں نعمتوں کا شکر گزار اور ثناء خواں بنا اور ہمیں اپنی نعمتوں کے قابل بنا اور انہیں ہم پر پورا کر۔''

۲۷۹- نیکیوں میں رغبت، برائیوں سے نفرت اور فتنہ سے امان کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَ تَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَ حُبَّ الْمَسٰكِیْنَ وَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَ تَرْحَمَنِیْ وَ اِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ۔

ترجمہ: ''الٰہی میں تجھ سے نیکیوں کے کرنے اور برائیاں چھوڑنے اور غریبوں سے محبت کی توفیق چاہتا ہوں اور یہ کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور جب تو اور لوگوں کو کسی فتنہ میں ڈالے تو مجھے اس فتنہ میں ڈالے بغیر اٹھالے۔''

۲۸۰- ذکر و شکر کی توفیق ملنے کے لیے:

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَ شُكْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

ترجمہ: ''الٰہی میری مدد فرما اپنی یاد اپنے شکر اور بہتر عبادت پر۔''

www.waseemziyai.com

۲۰- برکات خاندان برکات

۲۸۱- دردِ زہ سے نجات کے لیے گڑ کی تین ڈھیلیاں لیں اور ہر ڈھیلی پر تین تین بار پڑھیں:

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ۔ خُلِقَ مِنْ مَّاءٍ دَافِقٍ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ۔

ترجمہ: ''تو چاہیے کہ آدمی غور کرے کہ کس چیز سے بنایا گیا جست کرتے پانی سے جو پیٹھ اور سینوں کے بیچ سے نکلتا ہے۔''

اور حاملہ کو کھلائیں ولادت میں آسانی ہوگی۔

۲۸۲- نظر بد سے حفاظت کے لیے انسان یا جانور کے گلے میں لکھ کر ڈالیں۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

ترجمہ: ''اور ضرور کافر تو ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا اپنی بد نظر لگا کر تمہیں گرا دیں گے۔ جب قرآن سنتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں، یہ ضرور عقل سے دور ہیں اور وہ تو نہیں مگر نصیحت سارے جہان کے لیے۔''

۲۸۳- سنگ مثانہ (پتھری) کے دور کرنے کے لیے لکھ کر دھو کر پلائیں۔

وَ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا وَ حُمِلَتِ

www.waseemziyai.com

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً۔

ترجمہ: "اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے چورا ہو کر تو ہو جائیں گے جیسے روزن کی دھوپ میں غبار کے باریک ذرے پھیلے ہوئے اور زمین اور پہاڑ اٹھا کر دفعۃً چورا کر دیئے جائیں گے۔"

۲۸۴- آغاز ماہ اسلام سے ہر جائز مقصد کے حصول اور رزق میں وسعت کے لیے روزانہ بعد نمازِ عشاء بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھیں:

يَا بَاسِطَ الَّذِيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

ترجمہ: "اے کشادہ کرنے والے، جو بے حساب رزق کشادہ کرتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔"

۲۸۵- حکام کی توجہ کے لیے اپنے دونوں ہاتھ پر چھ بار معہ تسمیہ پڑھ کر چہرے پر پھیر لے (اور ساتویں بار پڑھ کر اس پر پھونک دے)۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ۔

ترجمہ: "اور اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں ان باتوں پر جو تم بنا رہے ہو۔"

۲۸۶- خونی یا بادی بواسیر سے نجات حاصل کرنے کے لیے ہر روز دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ الم نشرح ار دوسری رکعت میں سورۂ فیل اور بعد سلام ستر بار یہ پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ سے میں ہر گناہ کی معافی (بخشش) چاہتا ہوں اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔"

۲۸۷- اسقاطِ حمل سے حفاظت اور جاری خون روکنے کے لیے سرخ رنگ کا سوت

www.waseemziyai.com

لائے اور اس میں تین گرہ دے اور ہر گرہ پر تین تین بار یہ آیت کریمہ پڑھے اور ناف پر باندھے۔ تسمیہ تین بار۔

اِصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ۔

ترجمہ: ''اور اے محبوب تم صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان کا غم نہ کھاؤ اور ان کے فریبوں سے دل تنگ نہ ہو بے شک اللہ ان کے ساتھ ہے جو ڈرتے ہیں اور جو نیکیاں کرتے ہیں۔''

۲۸۸- تسخیر حکام کے لیے ہر روز ۱۰۰۱ بار اول و آخر درود شریف ۱۰۰ بار اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ (اللہ اپنے بندوں پر لطف فرماتا ہے) پڑھیں۔

۲۸۹- استخارہ اول درود شریف ۱۰۰ بار پڑھے پھر ۱۰۷ بار یہ آیت پڑھ کر سو جائے خواب میں جو کچھ دیکھے اس کے مطابق عمل کرے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

ترجمہ: ''بے شک تمہارے پاس تم میں سے وہ رسول تشریف لائے جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان۔''

۲۹۰- پیشاب کا قطرہ آتا ہو تو یہ آیت لکھ کر کمر میں باندھے:

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔

www.waseemziyai.com

ترجمہ: ''اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسا کہ حق تھا اور وہ قیامت کے دن سب زمینوں کو سمیٹ دے گا اور اس کی قدرت سے سب آسمان لپیٹ دیئے جائیں گے اور ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے۔''

۲۹۱- جملہ مقاصد جائزہ میں کامیابی کے لیے یہ ورد مبارک باوضو قبلہ رُخ دن رات میں کسی وقت متعین پر تا حصول مقصد روزانہ ۱۱۱ بار اول و آخر درود شریف:

يَا شَيْخ عَبْدُ الْقَادِرُ جِيلَانِي شَيْءٌ لِلّٰهِ۔

تجارت میں فروغ، مقاصد میں کامیابی، اپنے مطالبات کی وصولیابی اور تسخیر قلوب کے لیے شَيْءٌ (مضموم) ظالموں کے دفع اور موذیوں کے قلع قمع کے لیے شَيْءٍ (مکسور) اور محبت و حصولِ منافع کے لیے شَيْئًا (مفتوح) پڑھے اور حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے طفیل اپنی حاجت طلب کرے اور پڑھتے وقت مقصد دل میں رکھے۔

۲۹۲- جب امام جمعہ کی نماز کا خطبہ پڑھتا ہو اس وقت دل میں (کہ ہونٹوں کو حرکت نہ ہو) ۱۱۱ مرتبہ يَا نَصِيْرُ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مخصوص بہ نظرِ عنایت الٰہی ہو۔

۲۹۳- دینی و دنیاوی ہر دشوار حاجت کو پورا کرنے کے لیے یہ ورد خانوادۂ عالیہ برکاتیہ کے مجربات میں سے ہے تا حصول مقصد بعد نماز مغرب یا عشاء قبلہ رُو باوضو اس طرح بیٹھے کہ بایاں گھٹنا بچھالے اور داہنا گھٹنا سیدھا کھڑا کر کے اس پر اپنی ٹھوڑی خوب جما کر اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں بعد تسمیہ سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ۔ ۱۱۱ مرتبہ

۲۹۴- يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ۔

www.waseemziyai.com

ان اسمائے طیبہ پر ترتیب وار اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور پھر:

یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا عَلِیْمُ یَا وَدُوْدُ یَا مُسْتَعَانُ۔

پڑھ کر ترتیب وار بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے پھر دائیں ہاتھ کی انگلیاں یکے بعد دیگرے ک ہ ی ع ص پڑھ کر اور بائیں ہاتھ کی ح م ع س ق پڑھ کر کھولتا جائے اور پھر فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ کر اپنی حاجت طلب کرے ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔ کھولنے اور بند کرنے میں چھنگلی سے شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرے۔

۲۹۵- درود شریف برائے وسعت رزق و حصولِ مال حلال۔ روزانہ کوئی مناسب وقت مقرر کر کے سات بار قبلہ رُو، سات بار قبلہ پشت، سات بار دائیں، سات بار بائیں۔ سات بار اوپر کی جانب اور سات بار زمین کی طرف اور سات بار پڑھ کر خود اپنے اوپر دم کرے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْوَاعِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ یَا بَاسِطَ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ اُبْسُطْ عَلَیَّ رِزْقًا وَاسِعًا بِلَا مِحْنَةٍ وَ بِغَیْرِ مِنَّةِ خَلْقٍ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ۔

ترجمہ: "اے اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر درود بھیج مختلف قسم کے رزق اور فتوحات کی تعداد کے برابر اور ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کی آل پر بھی اور برکتیں اور سلام۔ اے کشادہ کرنے والے وہ کہ جس کے لیے چاہے بے حساب رزق کشادہ فرما دیتا ہے، مجھ پر بھی وسیع رزق کھول دے بغیر محنت، اور مخلوق

www.waseemziyai.com

کے احسان کے بغیر، بحق یاباسط۔"

۲۹۶- درود شفا:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَائِهَا وَ عَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَاءِهَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

ترجمہ: "اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو دلوں کا علاج اور دوا ہیں، بدنوں کی عافیت اور صحت ہیں، آنکھوں کا نور اور روشنی ہیں، اور ان کی آل پر اور اصحاب پر اور برکتیں اور سلام بھی۔"

۲۹۷- نمازِ اشراق برائے قضائے حاجات پہلی رکعت میں بعد فاتحہ وَالشَّمْسِ دوسری رکعت میں وَاللَّيْلِ، تیسری رکعت میں وَالضُّحٰى اور چوتھی میں اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھیں اور حاجت طلب کریں۔

۲۹۸- اور ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے یہ نماز یوں مروی ہے کہ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ:

رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ ۱۰ بار

ترجمہ: "اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لیے ہدایت کے سامان کر۔"

دوسری رکعت میں:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَ يَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ۔ ۱۰ بار

ترجمہ: "اے میرے رب میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان کر۔"

تیسری میں:

www.waseemziyai.com

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَا اَقُوْلُ لَكُمْ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔ ۱۰ مرتبہ

ترجمہ: ''تو جلد وہ وقت آتا ہے کہ جو میں تم سے کہہ رہا ہوں اسے یاد کرو گے اور میں اپنے کام کو اللہ کو سونپتا ہوں، بے شک اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔''

اور چوتھی میں:

رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ ۱۰ مرتبہ پڑھے۔

ترجمہ: ''اے ہمارے رب ہمارے لیے ہمارا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے بے شک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔''

بعد سلام سجدہ میں جائے اور آیہ کریمہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

ترجمہ: ''کوئی معبود نہیں سوا تیرے پاکی ہے تجھ کو بے شک مجھ سے بیجا ہوا۔''

۴۱ مرتبہ پڑھے پھر سر اٹھا کر:

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

ترجمہ: ''تو ہم نے اس کی پکار سن لی اور اسے غم سے نجات بخشی اور ایسی ہی نجات دیں گے مسلمانوں کو۔''

۱۰ مرتبہ پڑھے پھر سجدے میں دعا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ فضل عظیم پائے اور دعا بھی بکرمہ تعالیٰ شرف قبولیت پائے۔

www.waseemziyai.com

۲۹۹۔ کیسا ہی شدید مرض ہو مریض کو یہ دعا پڑھائی جائے ۔ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی:

سُبْحٰنَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ اَللّٰهُ دَائِمٌ قَدِيْمٌ اَزَلِيٌّ يُزِيْلُ الْعِلَلَ وَهُوَ دَائِمٌ قَدِيْمٌ فِيْ اَزَلِيَّتِهٖ لَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ۔

ترجمہ: "اللہ، عظمت والا، پاک ہے، اور اس کی حمد ہے، اللہ پاک ہے، اللہ ہمیشہ ہے، قدیم، ازلی ہے، علتوں (خرابیوں) کو دور فرماتا ہے، وہ ہمیشہ قدیم ہے اپنی ازلیت میں، نہ زائل ہوا نہ زائل ہو۔"

موت مقدر ہے تو دعا میسر نہ ہوگی۔

۳۰۰۔ بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب اور بعد نماز مغرب ۱۰ بار:

حَسْبِيَ اللهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

ترجمہ: "مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔"

اور ۱۰ بار:

يَارَبِّ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔

ترجمہ: "اے میرے رب! مجھے تکلیف پہنچی اور تو سب مہر والوں سے بڑھ کر مہر والا ہے۔"

اور ۱۰ بار:

يَارَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

ترجمہ: "اے میرے رب! میں مغلوب ہوں تو میرا بدلہ لے۔"

www.waseemziyai.com

اور ۱۰ بار:

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ يُوَلُّوْنَ الدُّبُرُ۔

ترجمہ: ''اب یہ جماعت بھگائی جاتی ہے اور پیٹھیں پھیر دیں گے۔''

پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مداومت سے بے شمار برکات ظاہر ہوں گے سب کام بنیں گے اور دشمن مغلوب رہیں گے۔

وَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَ نُوْرِ عَرْشِهٖ وَ مَظْهَرِ لُطْفِهٖ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَوْلِيَاءِ مِلَّتِهٖ وَ عُلَمَاءِ اُمَّتِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ وَ عَلَيْنَا بِهِمْ وَلَهُمْ وَ مَعَهُمْ وَ فِيْهِمْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

تمت بالخیر

العبد

محمد خلیل خان القادری البرکاتی المارہروی

۷ شعبان ۱۳۸۶ھ

www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ و ناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی و تجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 00500025657003 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

www.waseemziyai.com

www.waseemziyai.com













زاویہ پبلشرز

دربار مارکیٹ ۰ لاہور

Voice :042-37112954
Mobile: 0300-9467047 - 0321-9467047 - 0300-4505466
Email : zaviapublishers@gmail.com

Design by: Qazi Graphics Lahore Pakistan.